تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد: 02 | بدھ 03 جون 2026، 16 ذوالحجہ 1447ھ | صفحات 06 | قیمت 30 روپے | شمارہ: 263

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر مختلف اضلاع میں روڈز کی تعمیر و مرمت تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن

سڑکوں کی تعمیر و مرمت، بحالی پراجیکٹ میں ٹائم لائن، کوالٹی، شفافیت یقینی بنانے کی ہدایت، نئی بننے والی روڈز پر سولر اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب کو لازمی قرار

سیاحوں اور مقامی افراد کی سہولت کیلئے ''ریسٹوریشن آف روڈز'' پروگرام کے تحت مری کی اہم شاہراہوں کی بحالی مکمل کی گئی ہے' مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر'' سی ایم لوکل روڈز '' پروگرام کے تحت مختلف اضلاع میں روڈز کی تعمیر و مرمت کا کام تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبے بھر میں روڈز کے بنیادی ڈھانچے کی بحالی کے لیے تاریخی اور مثالی پروگرام شروع ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سڑکوں کی تعمیر و مرمت اور بحالی پراجیکٹ میں ٹائم لائن، کوالٹی اور شفافیت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لاہور سمیت تمام بڑے شہروں میں لین اور لائن کی پابندی ضروری قرار دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فیصل آباد، گجرات، گوجرانوالہ، راولپنڈی، ملتان میں اربوں روپے کے ٹرانسپورٹ انفراسٹرکچر اور بس اسٹاپس (بقیہ نمبر 1)

پی ٹی آئی خیبر پختونخوا میں اختلافات، 6 رکنی کمیٹی تشکیل، سربراہی اسد قیصر کریں گے

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا میں اندرونی اختلافات اختلافات شدت اختیار (بقیہ نمبر 6)

(ن) لیگ کی قیادت نے گلگت بلتستان میں ترقی اور خوشحالی کا سفر شروع کیا ہے، امیر مقام

سکردو (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر، گلگت بلتستان اور سفیران انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 5)

مصطفیٰ کمال کی زیرِ صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس، مقامی ویکسین سازی تیز کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرِ صحت مصطفیٰ کمال نے مقامی ویکسین سازی تیز کرنے کی ہدایت (بقیہ نمبر 4)

عوام دشمن بجٹ کسی صورت قبول نہیں، مہنگائی نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا، حلیم عادل شیخ

کراچی (این این آئی) ملکی معاشی صورتحال اور بڑھتی ہوئی مہنگائی پر ردِعمل دیتے ہوئے پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 3)

گندم اور سی این جی کے معاملات پر عوام کے ساتھ کھڑے ہیں، فیصل کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ گندم کی ترسیل اور سی این جی کی (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ایم این اے چوہدری افتخار نذیر نے ملاقات کی۔

بجٹ 27-2026 میں ریئل اسٹیٹ سیکٹر کیلئے ریلیف کا امکان

آئندہ بجٹ میں فائلرز کیلئے پراپرٹی کی خرید و فروخت پر ٹرانزیکشن ٹیکس میں کمی ہوسکتی ہے، سرکاری ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) آئندہ وفاقی بجٹ 27-2026 میں ریئل اسٹیٹ سیکٹر کیلئے ریلیف کا امکان ظاہر کر دیا گیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق آئندہ بجٹ میں فائلرز کیلئے پراپرٹی کی خرید و فروخت پر ٹرانزیکشن ٹیکس میں کمی ہوسکتی ہے، پراپرٹی کی خرید و فروخت پر (بقیہ نمبر 7)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے ایران کے دورے کی ٹائمنگ کو اہم قرار دیدیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ سینیٹر محسن نقوی کے ایران کے دورے کی ٹائمنگ کو اہم قرار دیدیا گیا۔ محسن نقوی کا (بقیہ نمبر 8)

لاہور ہائیکورٹ کی پنجاب بھر میں لاپتہ تمام خواتین کو پندرہ روز میں بازیاب کروانے کی مہلت

جو خواتین تاحال لاپتہ ہیں، ان کے حالات کے بارے میں کچھ معلوم نہیں، یہ نہایت سنگین معاملہ ہے' چیف جسٹس

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے اہم احکامات جاری کرتے ہوئے پولیس کو پندرہ روز میں تمام لاپتہ خواتین کو بازیاب کروانے کی ہدایت کر دی ہے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے سلمیٰ بی بی کی چار سال قبل مبینہ طور پر لاپتہ ہونے والی بیٹی مقدس بی بی کی بازیابی سے متعلق درخواست پر سماعت کی۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن پنجاب عدالت کے روبرو پیش (بقیہ نمبر 9)

مالیاتی امور پر تبصرہ کیلئے حقائق اور تناظر اہمیت کے حامل ہیں، مشیر خزانہ

ذمہ دارانہ مالیاتی تبصرے کے لیے دونوں عوامل ناگزیر ہیں، ٹیکس شارٹ فال کے متعلق تبصرے گمراہ کن ہیں، خرم شہزاد

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ مالیاتی امور پر تبصرہ کیلئے حقائق اور تناظر اہمیت کا حامل ہے، ذمہ دارانہ مالیاتی تبصرے کے لیے دونوں عوامل ناگزیر ہیں، ٹیکس شارٹ فال کے متعلق تبصرے گمراہ کن ہیں۔ گزشتہ روز سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ ذرائع ابلاغ میں جاری مالی سال کے آغاز میں (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے سعودی عرب سے واپس آنے والے حاجیوں کا اسلام آباد میں استقبال کیا۔

پاک چین اقتصادی شراکت داری کے نئے دور کا آغاز ہو رہا ہے، شہباز شریف

پاکستان اور چین کے نجی شعبے کے درمیان کاروباری روابط میں غیر معمولی اضافہ دونوں ممالک کی اقتصادی شراکت داری کے نئے دور کا آغاز ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ان کے حالیہ دورہ چین کے دوران منعقدہ پاکستان۔ چین بزنس ٹو بزنس کانفرنس کے دوران لیے گئے فیصلوں کی پیشرفت پر جائزہ اجلاس ہوا

چین کے ساتھ صنعتی، زرعی اور تکنیکی تعاون کے فروغ سے پاکستان کی برآمدات میں اضافہ اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ہانگزو بی ٹو بی کانفرنس میں طے پانے والی مفاہمتی یادداشتوں (MoUs) کو جلد باقاعدہ معاہدوں اور مشترکہ منصوبوں (Joint Ventures) میں تبدیل کیا جائے

شہباز شریف نے بی ٹو بی کانفرنس سے متعلق پیش رفت کے ماہانہ جائزہ اجلاس کی خود صدارت کرنے کا فیصلہ کیا اور ہدایت کی کہ چین کی اکیڈمی آف ایگریکلچرل سائنسز اور پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل کے درمیان تعاون کو عملی جامہ پہنایا جائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اور چین کے نجی شعبے کے درمیان کاروباری روابط میں غیر معمولی اضافہ دونوں ممالک کی اقتصادی شراکت داری کے نئے دور کا آغاز ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ان کے حالیہ دورہ چین کے دوران منعقدہ پاکستان۔ چین بزنس ٹو بزنس کانفرنس کے دوران لیے گئے فیصلوں کی پیشرفت پر جائزہ اجلاس ہوا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ چین کے ساتھ صنعتی، زرعی اور تکنیکی تعاون کے فروغ سے پاکستان کی برآمدات میں اضافہ اور روزگار کے (بقیہ نمبر 13)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں پیشنٹ ریفرل سسٹم بارے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

وزیراعظم سے ملک بھر کے چیمبرز آف کامرس کے صدور کی ملاقات، آئندہ بجٹ پر تجاویز طلب

صدر لاہور چیمبر سمیت کاروباری برادری نے ٹیکسوں میں کمی، برآمدات کے فروغ اور پالیسی استحکام کا مطالبہ کر دیا

اسلام آباد/ لاہور (این این آئی) وزیر محمد شہباز شریف سے وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں ملک بھر کے چیمبرز آف کامرس کے صدور نے ملاقات کی جس میں آئندہ وفاقی بجٹ اور موجودہ معاشی صورتحال پر کاروباری برادری سے تجاویز طلب کی گئیں۔ لاہور چیمبر آف کامرس (بقیہ نمبر 12)

وزیراعظم سے وزیر صحت کی ملاقات، وزارت سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے ملاقات کی اور وزارت صحت (بقیہ نمبر 11)

چلاس فیئری میڈوز جانے والی سیاحوں کی گاڑی حادثے کا شکار، 7 افراد جاں بحق

ریسکیو ذرائع کے مطابق دشوار گزار پہاڑی راستے اور گاڑی کے بے قابو ہونے کو حادثے کی ممکنہ وجوہات قرار دیا جا رہا ہے

چلاس (بیورو رپورٹ) گلگت بلتستان کے مشہور سیاحتی مقام فیئری میڈوز جانے والی سیاحوں کی گاڑی خوفناک حادثے کا شکار ہوگئی، جس کے نتیجے میں 7 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق حادثہ چلاس کے علاقے میں پیش آیا جہاں سیاحوں کو لے جانے والی گاڑی گہری کھائی میں جا گری، حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس، ریسکیو اہلکار اور مقامی افراد موقع پر پہنچ گئے اور امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ پولیس کا کہنا ہے (بقیہ نمبر 14)

پرائیویٹ جنریٹرز اور سولر پاور پر الیکٹرسٹی ڈیوٹی رولز منظور

500 کے وی اے سے زائد جنریٹرز، سولر سسٹمز ڈیوٹی نیٹ میں لانے کی منظوری دی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب کابینہ نے پنجاب الیکٹرسٹی ڈیوٹی رولز 2026 منظوری دے دی۔ پنجاب میں پرائیویٹ جنریٹرز اور سولر پاور پر نئی الیکٹرسٹی ڈیوٹی کا فریم ورک تیار کر لیا گیا، 500 کے وی اے سے زائد جنریٹرز اور سولر سسٹمز ڈیوٹی نیٹ میں لانے کی منظوری دی گئی۔ صنعتی و کمرشل صارفین پر 4 پیسہ فی یونٹ الیکٹرسٹی ڈیوٹی عائد کی جائے گی، گھریلو صارفین کو نئی الیکٹرسٹی ڈیوٹی سے مکمل استثنیٰ دینے کی سفارش کی گئی تھی، پنجاب حکومت کو سالانہ 30 کروڑ (بقیہ نمبر 15)

لاہور کے سرکاری کالجز میں سہولیات کی کمی دور کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور کے سرکاری کالجز میں سہولیات کی کمی دور کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ لاہور کے سرکاری سکولوں میں طلبہ کے لئے 60 ہزار نئی کرسیوں کی خریداری کی منظوری دی گئی ہے علاوہ ازیں سرکاری کالجز میں 300 نئے کلاس رومز تعمیر کرنے کا منصوبہ بھی (بقیہ نمبر 16)

لاہور: صوبائی سیکرٹری اطلاعات و ثقافت سید طاہر ہمدانی سے فنکاروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت اہم اجلاس، شعبہ صحت میں مختلف منصوبہ جات پر تفصیلی بریفنگ

مریضوں کو اب تک ساڑھے 17 ارب روپے سے زائد کی خطیر رقم کے ذریعے مفت علاج معالجہ فراہم کیا گیا

لاہور (این این آئی) ام پینلڈ ہسپتالوں سے صحت کے تمام خصوصی پروگراموں کے تحت مریضوں کو اب تک ساڑھے 17 ارب روپے سے زائد کی خطیر رقم کے ذریعے مفت علاج معالجہ فراہم کیا گیا۔ اس سلسلے میں صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے شعبہ صحت میں مختلف و منفرد منصوبہ جات کے حوالہ سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں سی ای او (بقیہ نمبر 17)

مضبوط خاندانی اقدار پر قائم معاشرہ قومی ترقی کی ضمانت ہوتا ہے، چیئرمین سینیٹ

والدین کی عزت و تکریم خاندانی نظام کو مضبوط بناتی ہے، جو ایک ہمدرد، مستحکم اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے، یوسف رضا گیلانی کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے عالمی یوم والدین کے موقع پر والدین کی بے لوث محبت، قربانیوں اور نسلوں کی تربیت میں ان کے عظیم کردار کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ والدین کی عزت و تکریم خاندانی نظام کو مضبوط بناتی ہے، جو ایک ہمدرد، مستحکم اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے۔۔ اپنے پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ والدین مضبوط خاندانوں اور خوشحال قوموں (بقیہ نمبر 29)

لاہور: جصوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین، حلقے میں کھلی کچہری کے دوران لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں۔

قومی ایئر لائن کی پرواز پی ایف 717 کا جدہ سے 158 عازمین حج کو لے کر سیالکوٹ ایئر پورٹ پہنچے پر تپاک استقبال

سیالکوٹ (این این آئی) قومی ایئر لائن کی پرواز پی ایف 717 جدہ سے 158 عازمین حج کو لے کر سیالکوٹ ایئر پورٹ پہنچے پر وزیر مملکت برائے منصوبہ بندی اور خصوصی امور ارمغان سبحانی نے حجاج کرام کا استقبال کیا۔ (بقیہ نمبر 30)

محرم الحرام 2026ء، پنجاب میں اتحاد بین المسلمین کے لیے 70 سے زائد علماء پر مشتمل امن وفود روانہ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں محرم الحرام کے ایام مقدسہ کو امن و بھائی چارے کی فضاء میں منانے کے لیے سیکرٹری و چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے جامعہ خاتم النبیین (قرآن بورڈ) سے تین اعلیٰ سطحی ''اتحاد بین المسلمین ''امن وفود'' کو باقاعدہ طور پر رخصت کیا، جن میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے (بقیہ نمبر 31)

خواجہ سلمان رفیق کا علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئر پورٹ لاہور کا دورہ، حجاج کرام کا پرتپاک استقبال

حج سے واپس آنے والے زائرین کو پھولوں کے ہار، گلدستے پیش کیے گئے، حکومتی انتظامات پر حجاج کا اظہار اطمینان

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق نے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئر پورٹ لاہور کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق نے سعودی ایئر لائنز سے لینڈ ہونے اور حج کی سعادت حاصل کرنے والے 345 حجاج کرام کا استقبال کیا۔ حجاج کرام کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور گلدستے پیش کئے گئے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جج و دیگر حکام بھی موجود تھے۔ حجاج کرام نے (بقیہ نمبر 18)

لاہور سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل صوبائی سطح پر جاری ملکی تاریخ کی سب سے بڑی سیوریج کے صفائی مہم کا جائزہ لے رہے ہیں

آئل ٹینکر کے اغوا کو 40 دن مکمل، 10 پاکستانیوں سمیت کوئی رہا نہ ہوسکا

صومالی حکومت آئل ٹینکر آنز 25 کے مالک کے ذریعے بحری قزاقوں سے مذاکرات کر رہی' کوئی پیش رفت نہیں ہوسکی، ذرائع

کراچی/موغادیشو (این این آئی) صومالی قزاقوں کے قبضے میں موجود آئل ٹینکر آنز 25 کے اغوا کو 40 دن مکمل ہوگئے، تاہم 10 پاکستانیوں سمیت تمام یرغمالی تاحال رہا نہ ہوسکے۔ رپورٹ کے مطابق 21 اپریل کو صومالی قزاقوں نے آئل ٹینکر آنز 25 پر قبضہ کر کے عملے کے 17 افراد کو یرغمال بنا لیا تھا، جن میں 10 پاکستانی، 4 انڈونیشیائی، ایک بھارتی اور ایک میانمار کا شہری شامل ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق صومالی حکومت آئل ٹینکر آنز 25 کے (بقیہ نمبر 23)

لاڑکانہ و شکارپور میں خاندانی دشمنی پر فائرنگ، 7 افراد جاں بحق

شکارپور میں پرانی دشمنی پر 2 گروپوں میں فائرنگ سے خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق۔، 3 زخمی ہوئے

لاڑکانہ شکارپور (این این آئی) لاڑکانہ اور شکارپور میں خاندانی دشمنی پر فائرنگ سے 7 افراد جاں بحق ہو گئے۔ شکارپور میں پرانی دشمنی پر 2 گروپوں میں فائرنگ سے خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق اور 3 زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق پیر جلیل کے علاقے میں پرانی دشمنی پر 2 گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا، لاشوں اور زخمیوں کو سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ (بقیہ نمبر 24)

سندھ ہائیکورٹ اور ماتحت عدالتوں میں موسمِ گرما کی تعطیلات کا آغاز

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ اور صوبے بھر کی ماتحت عدالتوں میں موسمِ گرما کی تعطیلات کا آغاز ہوگیا ہے جو یکم جون سے 2 اگست 2026 تک جاری رہیں گی۔ رجسٹرار سندھ ہائیکورٹ کی جانب سے جاری (بقیہ نمبر 22)

لاہور بی ٹی اولاہور سید عبدالرحیم شیرازی، اعدو عشین وفد کے ہمراہ لبرٹی چوک میں گداگری کے خلاف آگاہی مہم کے موقع میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

پنجاب حکومت کا بڑا فیصلہ، تمام سرکاری دفاتر مکمل طور پر پیپر لیس کرنے کی ہدایات جاری

ای فائلنگ اینڈ آفس آٹومیشن سسٹم (ای فاس) کا دائرہ اضلاع تک وسیع، یکم جولائی سے فیلڈ دفاتر بھی مکمل ڈیجیٹل نظام پر منتقل ہوں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صوبے میں ای گورننس کے فروغ اور دفتری امور کو جدت دینے کی جانب ایک اور بڑا اور انقلابی قدم اٹھاتے ہوئے صوبہ بھر کے تمام سرکاری دفاتر کو بھی مکمل طور پر ''پیپر لیس'' کرنے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ سول سیکرٹریٹ کے مرکزی محکموں کی ای فائلنگ اینڈ آفس آٹومیشن سسٹم (ای فاس) پر کامیابی سے منتقلی کے بعد اب اضلاع کے تمام فیلڈ دفاتر کو بھی اس ڈیجیٹل سسٹم (بقیہ نمبر 19)

سندھ ہائی کورٹ اور ماتحت عدالتوں میں موسم گرما کی تعطیلات کا آغاز

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ اور ماتحت عدالتوں میں موسم گرما کی تعطیلات کا آغاز ہوگیا۔ تعطیلات کے مطابق موسم گرما کی تعطیلات یکم جون سے 2 اگست تک جاری رہیں گی اس سلسلے میں سندھ ہائی کورٹ سمیت ماتحت عدالتوں میں اہم مقامات کی ساعت کے لیے (بقیہ نمبر 21)

سرگودھا، گھر میں اسلحہ سے کھیلتے بچوں میں ایک سے گولی چلنے سے دوسرا بچہ جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) گھر میں اسلحہ سے کھیلتے بچوں میں ایک سے گولی چلنے سے دوسرا بچہ جاں بحق ہوگیا جس کی نعش پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے قصبہ قائد آباد کے گاں بندیال شمالی میں دو بچے گھر میں پسٹل سے کھیل رہے تھے جس سیا یک بچے سے ہاتھوں (بقیہ نمبر 25)

ہربنس کے علاقے میں پینتالیس سالہ شخص نے نامعلوم وجوہات کی بناء پر خودکشی کر لی

لاہور (این این آئی) ہربنس کے علاقے میں پینتالیس سالہ شخص نے نامعلوم وجوہات کی بناء پر خودکشی کر لی جبکہ داتا دربار کے علاقے سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ ہربنس پورہ کے علاقے میں 45 سالہ شخص نے مبینہ طور پر گندم میں رکھنے والی زہریلی گولیاں کھا (بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد، مارکیٹس اور مالز رات 8 بجے بند کرنے کا نوٹیفکیشن جاری

دودھ اور ڈیری شاپس پر نئے اوقات کار کی پابندی لاگو نہیں ہوگی، جمز اور پیڈل کورٹس سمیت سپورٹس سہولیات مستثنیٰ قرار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں مارکیٹس اور شاپنگ مالز رات 8 بجے بند ہوں گے، میڈیکل سٹورز اور ہسپتال پابندی سے مستثنیٰ ہوں گے اس ضمن میں ضلعی انتظامیہ نے کاروباری اوقات کار سے متعلق نیا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، اسلام آباد میں نئی پابندیاں یکم جون 2026 سے نافذ العمل ہیں، جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق پٹرول پمپس، سی این جی سٹیشنز معمول (بقیہ نمبر 20)

لاہور: پرنسپل لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر فاشعبہ پلمونالوجی میں نصب جدید ایکو کارڈیوگرافی مشین کا افتتاح کر رہے ہیں۔

بلوچ خاندانوں کا مسلح تنظیموں اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث رشتہ داروں سے اعلان لاتعلقی

میرا بھائی 6 ماہ قبل روزگار کیلئے گھر سے نکلا تھا، کسی مسلح تنظیم سے وابستہ پایا گیا تو ہم اس کے اعمال کے ذمہ دار نہیں، پریس کانفرنس

لسبیلہ (این این آئی) غیور بلوچوں نے بھارتی پراکسی تنظیموں میں شامل اپنے ہی گمراہ رشتہ داروں کو عاق کر دیا جس پر فتنہ الہندوستان کا پروپیگنڈا ناکام ہوگیا۔ لسبیلہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے دشمنکرد ثانیہ کے والد نے فتنہ الہندوستان سے بیٹی کے روابط پر لاتعلقی کا بیان جاری کر دیا۔ پنجگور کے شہری نے فتنہ الہندوستان میں شامل اپنے بھائی سے لاتعلقی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ''میرا بھائی کسی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث پایا گیا تو خاندان کا (بقیہ نمبر 27)

فارم 45 کا بندوبست عوام کریں فارم 47 کا میں کرلوں گا، بلاول بھٹو

دیگر سیاسی جماعتیں ہر معاملہ اسلام آباد سے چلانا چاہتی ہیں ہم چاہتے ہیں یہاں کا فیصلہ یہاں کے عوام کریں، چیئرمین پی پی

کراچی (بیورو رپورٹ) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے شگر کے عوام سے کہا ہے کہ فارم 45 کا بندوبست آپ کرلیں، فارم 47 کا میں کرلوں گا۔ گلگت بلتستان کے علاقے شگر میں انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ شگر کے عوام کے پاس واپس آئے ہیں، کیونکہ گلگت بلتستان کے عوام ہمیشہ پاکستان پیپلز پارٹی کا ساتھ دیتے آئے ہیں۔ یہاں کے لوگوں نے قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو کا (بقیہ نمبر 28)

ترقیاتی بجٹ پر شدید دباؤ کی وجہ سے غیر ضروری منصوبوں کی گنجائش ختم ہو رہی ہے، احسن اقبال

آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام کا حجم 1126 ارب روپے رکھا جا رہا ہے، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے لیے 153 ارب روپے مختص کیے جائیں گے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ ملک کا بڑا مالیاتی حصہ قرضوں کی ادائیگی پر خرچ ہو رہا ہے جس کے باعث ترقیاتی بجٹ شدید دباؤ کا شکار ہے، غیر اہم ترقیاتی منصوبوں کو جاری رکھنا وفاق کے لیے مشکل سے مشکل تر ہوتا جا رہا ہے، آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام کا حجم 1126 ارب روپے رکھا جا رہا ہے، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے لیے (بقیہ نمبر 32)

نمائندہ یورپی یونین کا یا کالاس وفد کے ہمراہ پاکستان پہنچ گئیں

پاکستان بڑی علاقائی طاقت ہے، یورپی یونین کے لیے اہم شراکت دار ہے، انسٹا اسٹوری

اسلام آباد (این این آئی) یورپی یونین کی نمائندہ کایا کالاس وفد کے ہمراہ پاکستان پہنچ گئیں کایا کالاس نے پاکستان پہنچنے کے بعد اسلام آباد سے ایک انسٹا اسٹوری شیئر کی ہے۔ انہوں نے اپنی انسٹا اسٹوری میں لکھا ہے کہ میں اسلام آباد میں ہوں۔ یورپی یونین کی نمائندہ نے لکھا کہ پاکستان ایک بڑی علاقائی طاقت ہے اور یورپی یونین کے لیے ایک اہم شراکت دار ہے۔ انہوں نے لکھا کہ یہ دورہ ایک ایسے اہم موقع پر ہوا ہے جب دنیا اور اس خطے نے گہری تبدیلیوں کا تجربہ کیا ہے۔

گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا ایک اور انقلابی قدم

گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ونڈو سہولت سنٹر میں پاسپورٹ پروسیسنگ کاؤنٹر کی منظوری ہوگئی

گجرات (محمد شہباز گولڑوی سے) گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا ایک اور انقلابی قدم۔ گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ونڈو سہولت سنٹر میں پاسپورٹ پروسیسنگ کاؤنٹر کی منظوری ہوگئی۔ وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کے ساتھ صدر گجرات چیمبر کی میٹنگ میں پاسپورٹ پروسیسنگ کاؤنٹر بنانے کی خصوصی منظوری دی گئی۔ حاجی ناصر محمود گروپ لیڈر اور احمد حسن صدر گجرات چیمبر کی خصوصی کاوشوں گجرات چیمبر میں پاسپورٹ پروسیسنگ کاؤنٹر کی اپروول ہوئی۔ ون ونڈو سہولت سنٹر کی سروسز میں ممبران گجرات چیمبر اور ان کی فیملیز کے لیے نادرا، ایف بی آر، ایف ٹی او، پی سی ایس آئی آر، خدمت مرکز کے ساتھ ساتھ پاسپورٹ بنوانے کی سہولت بھی جلد شروع کر دی جائے گی۔

سٹی نیوز

کرائم نیوز

لاہور میں ڈاکے، چوریاں، پولیس مقدمات تک محدود

ریس کورس اور نصیر آباد سے گاڑیاں، شادمان انارکلی اور گڑھی شاہو سے موٹر سائیکلیں چوری

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے مالیت کی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا تفصیلات کے مطابق بافنا پورہ میں محمود سے 3 لاکھ 55 ہزار روپے اور موبائل فون، مانگا منڈی میں احسان سے 3 لاکھ 40 ہزار روپے اور موبائل فون، بھاٹی گیٹ میں الفت سے 3 لاکھ 15 ہزار روپے اور موبائل فون، مغل پورہ میں افضل سے 3 لاکھ روپے اور موبائل فون۔ سندر میں شہباز سے 2 لاکھ روپے اور موبائل فون اور دیگر سامان چھین لیا گیا۔ ریس کورس اور نصیر آباد سے گاڑیاں جبکہ شادمان انارکلی اور گڑھی شاہو سے موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں۔

ماڈل روڈز اور کینال روڈ پر لوڈر و چنگ چی رکشوں کا داخلہ مکمل بند

قربانی کے جانوروں کی نقل و حمل کیلئے عارضی اجازت رعایت ختم کر دی گئی ہے: سی ٹی او

لاہور (کرائم رپورٹر) ماڈل روڈز اور کینال روڈ پر لوڈر و چنگ چی رکشوں کا داخلہ مکمل بند تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر (سی ٹی او) لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے پیش نظر آج سے ماڈل روڈز بشمول کینال روڈ پر ہر قسم کے لوڈر اور چنگ چی رکشوں کے داخلے پر مکمل پابندی عائد کر دی ہے۔ سی ٹی او لاہور کا کہنا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی نقل و حمل کے لیے لوڈر رکشوں کو عارضی اجازت دی گئی تھی، تاہم اب یہ رعایت ختم کر دی گئی ہے اور آج سے تمام لوڈر و چنگ چی رکشوں کا ماڈل روڈز پر داخلہ بند ہوگا۔ سید عبدالرحیم شیرازی نے کہا کہ سرپلس ٹی آئرن اور دیگر آہنی راڈز لوڈ کر کے کینال روڈ پر آنے والوں کے خلاف صرف چالان نہیں بلکہ مقدمات درج کیے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ لوڈر اور چنگ چی رکشوں کا داخلہ روکنے کے لیے مختلف مقامات پر اضافی نفری اور خصوصی ٹیمیں تعینات کر دی گئی ہیں۔ سی ٹی او لاہور کا کہنا تھا کہ لوڈر رکشوں پر انتہائی خطرناک انداز میں سامان لوڈ کیا جاتا ہے جبکہ سریا، لوہے کے پائپ اور دیگر بھاری اشیاء لوڈ کر کے شہریوں اور ٹریفک کے لیے شدید خطرات کا باعث بنتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حادثے کی صورت میں بیدگنے جان لیوا ثابت ہو سکتے ہیں اور کینال روڈ پر ٹریفک کی روانی متاثر کرنے کے ساتھ بے ہنگم ٹریفک اور سست رفتار نقل و حرکت کا سبب بنتے ہیں۔ انہوں نے آٹو رکشوں میں ڈرائیور کے ساتھ اضافی سواریاں بٹھانے والوں کے خلاف بھی کریک ڈاؤن کا عزم دیتے ہوئے کہا کہ انسانی جانوں کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ اس سلسلے میں دھرم پورہ، مغل پورہ، ٹھوکر نیاز بیگ سمیت متعدد اہم مقامات پر خصوصی ٹیمیں تعینات کر دی گئی ہیں۔ سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے خبردار کیا کہ لوڈر اور چنگ چی رکشوں کے خلاف کارروائی میں غفلت برتنے والے افسران کے خلاف بھی محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

عیدالاضحیٰ: 20 سے زائد گمشدہ بچے والدین کے حوالے

بچوں کی بازیابی پر والدین اور سیر و تفریح کے لیے آنے والی فیملیز نے لاہور پولیس کا شکریہ ادا کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی ہدایت پر عیدالاضحیٰ کے موقع پر تفریحی مقامات کی سکیورٹی اور شہریوں کی سہولت کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے۔ اسی سلسلے میں لاری اڈا پولیس نے گریٹر اقبال پارک میں سیر و تفریح کے لیے آنے والی فیملیز کے 20 سے زائد گمشدہ بچوں کو تلاش کر کے بحفاظت ان کے والدین کے حوالے کر دیا۔ پولیس کے مطابق عید کی چھٹیوں کے دوران پارک میں رش کے باعث متعدد بچے اپنے اہل خانہ سے بچھڑ گئے تھے۔ متاثرہ فیملیز نے موقع پر قائم پولیس کیمپ سے مدد کی درخواست کی، جس پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے بچوں کی تلاش شروع کر دی۔ ایس پی سٹی عاطف امیر نے بتایا کہ بچوں کی تلاش کے لیے پارک میں اعلانات کیے گئے جبکہ سیف سٹی کیمروں اور دیگر ذرائع سے بھی مدد حاصل کی گئی۔ ایس ایچ او لاری اڈا نے اپنی ٹیم کے ہمراہ مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے 20 سے زائد بچوں کو بحفاظت تلاش کر کے ان کے ورثا کے حوالے کیا۔ بچوں کی بازیابی پر والدین اور سیر و تفریح کے لیے آنے والی فیملیز نے لاہور پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ ایس پی سٹی عاطف امیر کا کہنا تھا کہ عید کے موقع پر تمام تفریحی مقامات پر سکیورٹی کے بھرپور انتظامات کیے گئے ہیں اور عوام الناس کی حفاظت اور مدد پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔

لاہور، عیدالضحیٰ پر حکومتی احکامات کی خلاف ورزی پر 189 افراد گرفتار

سری پائے بھوننے والے 76 افراد کو گرفتار کر کے 55 مقدمات درج کیے گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں عید پر حکومتی احکامات کی خلاف ورزی کرنے پر 189 افراد کو گرفتار کر کے 152 مقدمات درج کیے گئے۔ غیر قانونی کھالیں اکٹھی کرنے پر 80 افراد کو گرفتار کر کے 70 مقدمات درج کیے گئے جبکہ ون ویلنگ کرنے والے 13 افراد کو گرفتار کر کے 7 مقدمات درج کیے گئے۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کے مطابق پتنگ بازی کرنے والے 12 افراد کو گرفتار کر کے 12 مقدمات درج کیے گئے۔ ہوائی فائرنگ میں ملوث 6 افراد گرفتار کیے گئے جبکہ سری پائے بھوننے والے 76 افراد کو گرفتار کر کے 55 مقدمات درج کیے گئے۔

عیدالاضحیٰ پر بہترین سکیورٹی انتظامات، آئی جی کی پولیس فورس کو شاباش

مانیٹرنگ اور مربوط سکیورٹی حکمت عملی کے باعث عید کے تینوں روز امن و امان کی صورتحال تسلی بخش رہی

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پنجاب پولیس عبدالکریم نے عیدالاضحیٰ کے ایام میں صوبہ بھر میں بہترین سکیورٹی انتظامات اور مؤثر پولیسنگ پر پنجاب پولیس فورس کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس افسران اور جوانوں کی شبانہ روز محنت کے باعث عیدالاضحیٰ پُرامن ماحول میں گزری۔ انہوں نے کہا کہ سی سی پی او لاہور، آر پی او ز، ڈی پی او ز، ٹریفک افسران اور دیگر سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہے اور سکیورٹی انتظامات کی خود نگرانی کرتے رہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ سیف سٹیز اتھارٹی نے مانیٹرنگ اور سرویلنس کے ذریعے لاہور سمیت صوبہ بھر میں صفائی ستھرائی اور انتظامی امور میں مؤثر معاونت فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ مؤثر پٹرولنگ، مسلسل مانیٹرنگ اور مربوط سکیورٹی حکمت عملی کے باعث عید کے تینوں روز امن و امان کی صورتحال تسلی بخش رہی۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق عیدالاضحیٰ کے دوران قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں۔ غیر قانونی طور پر قربانی کی کھالیں اکٹھی کرنے کے جرم میں 19 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ ون ویلنگ میں ملوث 16 افراد کو گرفتار کر کے ان کے خلاف 12 مقدمات درج کیے گئے۔ ترجمان نے بتایا کہ ہوائی فائرنگ میں ملوث 5 افراد کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے ناجائز اسلحہ برآمد کیا گیا اور مقدمات درج کیے گئے۔ اسی طرح اسلحہ کی نمائش کے ذریعے شہریوں میں خوف و ہراس پھیلانے کے الزام میں 11 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ مزید برآں لاؤڈ سپیکر ایکٹ کی خلاف ورزی پر 75 افراد کو گرفتار کر کے 73 مقدمات درج کیے گئے۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے ہدایت کی کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

گلبرگ: پتنگ کی کٹی ڈور پھرنے سے شہری زخمی، ہسپتال منتقل

ڈی آئی جی فیصل کامران کا ایس ایچ او گلبرگ کو شوکاز نوٹس، رپورٹ طلب کر لی، کارروائی کا آغاز

لاہور (کرائم رپورٹر) گلبرگ کے علاقے میں پتنگ کی کٹی ڈور پھرنے سے شہری زخمی ہو گیا جسے فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا دوسری جانب ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے ایس ایچ او گلبرگ کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا تفصیلات کے مطابق گلبرگ کے علاقے فردوس مارکیٹ فلائی اوور پر کٹی ڈور پھرنے سے 38 سالہ شہری زاہد زخمی ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے زخمی کو فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا جہاں زخمی شہری کی حالت خطرے سے باہر بتائی جاتی ہے اس حوالے سے لاہور پولیس کے ترجمان کا کہنا ہے کہ واقعہ کا مقدمہ تھانہ گلبرگ میں درج کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران نے ایس ایچ او گلبرگ کو شوکاز نوٹس کرتے ہوئے رپورٹ طلب کر لی

شادباغ: نشے کے عادی بیٹے کا والدہ پر بدترین تشدد، فائرنگ

زخمی زبیدہ بی بی کے سر اور کندھوں پر تشدد کے نشانات، گولی ٹانگ میں لگی، ہسپتال منتقل

لاہور (کرائم رپورٹر) شادباغ کے علاقے میں نشے کے عادی بیٹے نے اپنی 55 سالہ والدہ کو بدترین تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا۔ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو اسلحہ سمیت گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس کے مطابق شادباغ میں گھریلو تنازع پر ملزم یاسر ہمایوں طیش میں آ گیا اور اپنی سگی والدہ زبیدہ بی بی پر پستول، راڈ اور اینٹوں سے حملہ کر دیا اس دوران ملزم نے والدہ کو بالوں سے گھسیٹا اور تشدد کے دوران فائرنگ بھی کی، جس کے نتیجے میں خاتون شدید زخمی ہو گئیں۔ اطلاع ملنے پر شادباغ پولیس نے 15 پر موصول ہونے والی کال پر فوری ریسپانس کرتے ہوئے موقع پر پہنچ کر ملزم یاسر ہمایوں کو اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا جبکہ زخمی خاتون کو فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ زخمی خاتون کے سر اور کندھوں پر تشدد کے نشانات ہیں جبکہ ٹانگ میں گولی بھی لگی ہے۔ اس حوالے سے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم کے خلاف پہلے بھی والدہ پر تشدد کا مقدمہ درج ہو چکا ہے اور وہ جیل سے رہائی کے بعد دوبارہ اپنی والدہ پر حملہ آور ہوا۔ ایس پی سٹی کا کہنا ہے کہ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں

عیدالاضحیٰ کی تعطیلات، اشتہاری مجرمان کیخلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن

قتل اور ڈکیتی کے مقدمات میں گرفتار کئی اشتہاری مجرمان برسوں سے پولیس کو مطلوب تھے

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی انویسٹی گیشن لاہور سید ذیشان رضا کی ہدایت پر عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے دوران اشتہاری مجرمان کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کیا گیا، جس کے نتیجے میں مختلف مقدمات میں مطلوب 133 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان انویسٹی گیشن پولیس کے مطابق لاہور کے مختلف تھانوں کے انچارج انویسٹی گیشنز نے کارروائیاں کرتے ہوئے قتل، ڈکیتی، امانت میں خیانت، چیک ڈس آنر اور دیگر سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاریوں کو گرفتار کیا۔ گرفتار ہونے والوں میں کیٹیگری اے کے 4 جبکہ کیٹیگری بی کے 129 اشتہاری مجرمان شامل ہیں۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے بتایا کہ قتل اور ڈکیتی کے مقدمات میں گرفتار کئی اشتہاری مجرمان برسوں سے پولیس کو مطلوب تھے۔ انہوں نے کہا کہ اشتہاریوں کی گرفتاری کے لیے پیشہ ورانہ مہارت، جدید تکنیکی طریقوں اور ہیومن انٹیلی جنس کا مؤثر استعمال کیا گیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اشتہاری مجرمان کو پناہ دینے والوں کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں اور دفعہ 216 ت پ کے تحت 45 مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیس اور پراسیکیوشن کے باہمی تعاون سے گرفتار ملزمان کو قرار واقعی سزا دلائی جائے گی۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن نے واضح کیا کہ انویسٹی گیشن پولیس لاہور کا اشتہاری مجرمان کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن آئندہ بھی جاری رہے گا۔ دریں اثناء ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے نمایاں کارکردگی پر انویسٹی گیشن پولیس کی ٹیموں تھانہ رائیونڈ سٹی، چوہنگ، ٹاؤن شپ اور غازی آباد کے افسران و اہلکاروں کے لیے تعریفی اسناد کا اعلان کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیس اور پراسیکیوشن کے باہمی تعاون سے گرفتار ملزمان کو قرار واقعی سزا دلائی جائے گی۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن نے واضح کیا کہ انویسٹی گیشن پولیس لاہور کا اشتہاری مجرمان کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن آئندہ بھی جاری رہے گا۔

سبزہ زار: تلخ کلامی پر دوست نے چاقو مار کر نوجوان کو شدید زخمی کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سبزہ زار کے علاقہ میں تلخ کلامی پر دوست نے چاقو مار کر نوجوان کو شدید زخمی کر دیا اطلاع ملنے پر پولیس نے زخمی کو ہسپتال منتقل کر کے چند گھنٹوں میں ملزم کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق سبزہ زار کے علاقے میں جمیل خان نے تلخ کلامی پر اپنے دوست مدثر کی گردن پر چاقو سے وار کر کے اسے شدید زخمی کر دیا اور فرار ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے زخمی کو ہسپتال منتقل کر کے ملزم کو چند گھنٹوں میں گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم اور زخمی کے درمیان ماہ فروری میں بھی دونوں میں لڑائی جھگڑا ہوا تھا جس پر اہل علاقہ نے صلح کروا دی تھی گزشتہ دو معمولی تلخ کلامی پر جمیل خان نے غصے میں آ کر مدثر کو زخمی کر دیا۔

ڈولفن سکواڈ کی سٹاپ اینڈ سرچ کے دوران کارروائیاں، 8 ملزمان گرفتار کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ کی سٹاپ اینڈ سرچ کے دوران کارروائیاں 08 ملزمان گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق۔ ڈولفن سکواڈ نے شالیمار لنک روڈ سے مشکوک ملزم کو گرفتار کر کیا ناجائز پستول، گولیاں و میگزین جبکہ اقبال ٹاؤن، صدر سے 04 ریکارڈ یافتہ ملزمان نواب ٹاؤن کے علاقے ٹھوکر سے 03 وان وہیلرز کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر کے ملزمان قانونی کارروائی کے لیے تھانہ شالیمار، چوہنگ و دیگرے کے حوالے کر دیے

اختیارات سے تجاوز کرنے والوں کا سخت احتساب کیا جائے گا: فیصل کامران

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران نے پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں اردل روم کے دوران پولیس اہلکاروں کی سزاؤں کے خلاف دائر اپیلوں کی سماعت کی۔ اس موقع پر مجموعی طور پر 18 اپیلوں پر غور کیا گیا اور مختلف درخواستوں پر فیصلے کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو محکمہ آمد کے احکامات جاری کر دیے گئے۔ ترجمان کے مطابق ڈی آئی جی آپریشنز نے 4 اہلکاروں کی اپیلوں پر دوبارہ انکوائری کا حکم دیا، جبکہ 2 اہلکاروں کی اپیلیں مسترد کر دی گئیں۔ مزید 8 اہلکاروں کی سزاؤں میں کمی کے احکامات جاری کیے گئے، جبکہ 4 اہلکاروں کی سزاؤں کی معافی کی منظوری بھی دی گئی۔ اس موقع پر فیصل کامران کا کہنا تھا کہ مستقل میں فرائض منصبی کی انجام دہی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور محکمہ پولیس کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کرپشن اور اختیارات سے تجاوز کرنے والوں کا سخت احتساب کیا جائے گا، جبکہ فرائض احسن طریقے سے انجام دینے والے افسران اور اہلکاروں کی حوصلہ افزائی بھی کی جائے گی۔

ون ویلنگ میں ملوث 31 قانون شکن افراد کو گرفتار، 17 مقدمات درج

لاہور (کرائم رپورٹر) عیدالاضحیٰ کے ایام میں پنجاب پولیس نے صوبہ بھر میں قانون شکن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد افراد کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق غیر قانونی طور پر قربانی کی کھالیں اکٹھی کرنے کے جرم میں 22 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ لاہور سمیت صوبے کے مختلف اضلاع میں ون ویلنگ میں ملوث 31 قانون شکن افراد کو گرفتار کر کے 17 مقدمات درج کیے گئے۔ اسی طرح ہوائی فائرنگ میں ملوث 10 افراد کو گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر کے ان کے قبضے سے ناجائز اسلحہ بھی برآمد کیا گیا اس کے علاوہ پنجاب پولیس نے اسلحہ کی نمائش کے ذریعے شہریوں میں خوف و ہراس پھیلانے والے 17 ملزمان کو بھی گرفتار کیا۔ مزید برآں لاؤڈ سپیکر ایکٹ کی خلاف ورزی پر 80 افراد کو گرفتار کر کے 83 مقدمات درج کیے گئے۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر امن و امان کی فضا برقرار رکھنے کے لیے قانون شکن اور ملک دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور قانون کی عملداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

ڈولفن فورس کی داخلی و خارجی راستوں پر کارروائیاں، 38 ملزمان گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن فورس کی داخلی و خارجی راستوں پر کارروائیاں، 38 ملزمان گرفتار کر لیے ترجمان ڈولفن کے مطابق شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر قائم ناکہ جات پر سرچ اینڈ سویپ آپریشن کا سلسلہ 24 گھنٹے جاری رہا، جس کے دوران مختلف جرائم میں ملوث 38 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایس پی موبائلز بلال احمد نے بتایا کہ چیکنگ کے دوران 7 اشتہاری ملزمان، 5 عدالتی مفرور، 5 عادی مجرم اور 3 ریکارڈ یافتہ ملزمان کو حراست میں لیا گیا۔ اپنی شناخت چھپانے پر مزید 18 افراد کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ناجائز اسلحہ اور منشیات کی روک تھام کے لیے خصوصی اقدامات جاری ہیں جبکہ مشکوک افراد اور گاڑیوں کی بغیر شناخت شہر میں داخلے کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔ ترجمان کے مطابق ناکہ جات پر تعینات اہلکاروں نے ای پولیس ایپ کی مدد سے 20 ہزار 308 سے زائد افراد کا ریکارڈ چیک کیا۔

لاہور شہر میں عید کے تین روز چوری اور ڈکیتی کی 11 بڑی وارداتیں

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور شہر میں عید کے تین روز چوری اور ڈکیتی کی 11 بڑی وارداتیں رپورٹ ہوئی ہیں۔ ریکارڈ کے مطابق ڈیفنس سی میں سرکاری ریٹائرڈ ملازم کے گھر سے 1 کروڑ گیارہ لاکھ روپے کی چوری ہوئی۔ درج کی گئی ایف آئی آر کے مطابق چور حسام بلاک کے گھر دیوار پھلانگ کر داخل ہوئے، گھر کی الماریوں کے تالے توڑ کر گھر سے سونے، ڈائمنڈ کا سیٹ کانٹے بار اور دیگر قیمتی اشیا چوری کر لی گئی۔ اسی علاقے میں گھر کی دیکھ بھال کے لیے رکھے ملازمین نے دوسری خاتون کے گھر سے چوری کر لی، جبکہ ملزمین نے 25 لاکھ روپے کی چوری کی۔ اس کے علاوہ گارڈن ٹاؤن کے علاقے میں چوروں نے گھر سے 1 کروڑ 28 لاکھ کی واردات کی۔

65 لاکھ کے زیورات چوری کا معمہ حل، گھریلو ملازمہ اور منگیتر گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈیفنس بی انویسٹیگیشن پولیس نے 65 لاکھ روپے مالیت کے زیورات چوری کا معمہ حل کر کے گھریلو ملازمہ اور منگیتر کو گرفتار کر لیا۔ مسروقہ برآمد کر لیا ترجمان کے مطابق ڈیفنس بی کے علاقے میں 65 لاکھ روپے مالیت کے زیورات چوری کی واردات کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی انویسٹی گیشن لاہور سید ذیشان رضا نے ایس پی انویسٹی گیشن کینٹ راحیلہ اقبال کی سربراہی میں ملزمان کی گرفتاری اور مسروقہ مال کی برآمدگی کا ٹاسک سونپا۔

بارشوں کے الرٹ کے بعد محکمہ آبپاشی کے افسران چوکس رہیں: میاں کاظم علی

فلڈ مینجمنٹ اور انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں

لاہور (آن لائن) صوبائی وزیر آبپاشی میاں کاظم علی پیرزادہ نے پری مون سون بارشوں کے پیش نظر محکمہ انہار کے افسران و عملہ کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق شہریوں کے جان و مال کی حفاظت، فلڈ مینجمنٹ اور انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ صوبائی وزیر آبپاشی میاں کاظم علی پیرزادہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کی جانب سے صوبے میں بارشوں کے الرٹ کے اجرا کے بعد محکمہ آبپاشی کے افسران اور فیلڈ چوکس رہیں، زونل چیف انجینئرز تمام فلڈ ڈرینز اور نہری نظام کے کناروں کی مسلسل نگرانی یقینی بنانے کے لئے ٹیموں کو متحرک رکھیں تاکہ عوام کے تحفظ اور نہری و فلڈ انفراسٹرکچر کی حفاظت یقینی بنائی جا سکے۔ صوبائی وزیر آبپاشی میاں کاظم علی پیرزادہ نے تمام ایکسیئنز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے زیر انتظام محکمہ انہار کے حساس انفراسٹرکچر کے وزٹس کریں ہر سطح پر مکمل تیاری اور چوکسی برقرار رکھی جائے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اور مؤثر ردعمل دیا جا سکے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ فیلڈ افسران بارشوں کی صورتحال سے متعلق ریلیشن سیکریٹریٹ کے ساتھ باقاعدگی سے اپ ڈیٹس شیئر کریں تاکہ زمینی صورتحال کی مسلسل مانیٹرنگ ممکن ہو سکے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ نہری نظام کے معمول کے آپریشنز بلاتعطل جاری رکھے جائیں تاکہ کسانوں کو کسی قسم کی مشکلات یا پانی کی فراہمی میں رکاوٹ کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ صوبائی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ آبپاشی پنجاب بارشوں کے ممکنہ اثرات سے نمٹنے، نہری نظام کی حفاظت اور فلڈ مینجمنٹ انفراسٹرکچر کو محفوظ رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔

چیئرمین پاکستان کسان اتحاد خالد حسین پریس کانفرنس کر رہے ہیں

برآمدات بڑھانے کیلئے ایمرجنسی طرز پر اقدامات کی ضرورت ہے، مدثر مسعود

پاکستان میں کاروبار کرنے کی لاگت خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں کئی گنا زیادہ ہے

لاہور (آئی این پی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں برآمدات بڑھانے کیلئے ایمرجنسی طرز پر اقدامات کی ضرورت ہے اور آئندہ مالی سال کا بجٹ اس کے لئے بہترین موقع ہے، خام مال پر ڈیوٹیز اور ٹیکسز، غیر اصلاحات، برآمدات کے فروغ اور کاروبار کرنے کی لاگت کم کرنے کے اقدامات ناگزیر ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں کاروبار کرنے کی لاگت خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں کئی گنا زیادہ ہے، مطالبہ ہے کہ خام مال اور انٹرمیڈیٹ مصنوعات پر ڈیوٹیز کم کی جائیں تاکہ مقامی صنعت اور برآمدات کو سہارا مل سکے، مختلف شعبوں کے لیے الگ الگ ٹیرف نظام متعارف کرایا جائے اور شرح کم سے کم رکھی جائے، برآمد کنندگان کے لیے آسان اور قابل اعتماد فائنل ٹیکس رجیم بحالی کی جائے، بلکیڈ ٹیکس نظام متعارف کرانے اور میٹیریلز اور کمرشل امپورٹرز کے درمیان ووہولڈنگ ٹیکس کے فرق کو کم کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں جب ہر طرح کی صنعت مشکلات کا شکار ہے جس کی وجہ سے برآمدات کی گرتھ نہیں ہو رہی آئندہ مالی سال کا بجٹ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، حکومت مقامی کاروباری اور برآمدی شعبوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دے تاکہ معیشت کا پہیہ چل سکے۔

ایک بچہ دیگ کی صفائی کر رہا ہے

موجودہ نظام پر سرمایہ داروں اور مافیاز کا مکمل قبضہ ہے، جاوید قصوری

آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، مافیا نے غریب عوام سے دو وقت کی روٹی بھی چھین لی

لاہور (پی این پی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ملک میں مہنگائی، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے غریب اور متوسط طبقے سے دو وقت کی روٹی بھی چھین لی ہے، پانچ کلو آٹے کا تھیلا 900 روپے، دس کلو آٹے کا تھیلا 1100 روپے جبکہ 20 کلو آٹے کا تھیلا 2200 روپے میں فروخت ہو رہا ہے، مگر حکومت اور متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف پروگرامات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مافیاز نے عوام سے روٹی کا آخری نوالہ بھی چھین لیا ہے اور حکمرانوں کو غریب آدمی کی مشکلات کا کوئی احساس نہیں۔ پنجاب سمیت پورے ملک میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں مسلسل بڑھ رہی ہیں جبکہ عوام کی آمدن میں کوئی اضافہ نہیں ہوا۔ مزدور، دیہاڑی دار اور سفید پوش طبقہ شدید پریشانی کا شکار ہے۔ ایک طرف بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کیا جا رہا ہے جبکہ دوسری جانب آٹے جیسی بنیادی ضرورت بھی عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہوتی جا رہی ہے۔ حکومت مہنگائی پر قابو پانے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ محمد جاوید قصوری نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اپنے پورے لاؤ لشکر کے ہمراہ آذربائیجان کے دورے پر ہیں جبکہ صوبے کے عوام مہنگائی، بے روزگاری اور بدترین معاشی بحران کا شکار ہیں۔

حکومت بجٹ میں ایس ایم ایز کی ویلیو ایڈیشن، برآمدات کیلئے خصوصی پیکج دے، علی عمران

ایس ایم ایز کی ترقی نہ ہونے کی اصل وجہ پالیسیوں کا تسلسل نہ ہونا ہے، سینئر ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر

لاہور (کامرس رپورٹر) سینئر ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری علی عمران آصف نے وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے ایس ایم ایز کی معاونت اور برآمدات میں اضافہ کے لیے جامع روڈ میپ کی تیاری کے احکامات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایس ایم ایز کی ترقی نہ ہونے کی اصل وجہ پالیسیوں کا تسلسل نہ ہونا ہے، بہت سے ممالک صرف ایس ایم ایز کی ویلیو ایڈیشن اور برآمدات کے ذریعے پاکستان کی مجموعی برآمدات کے حجم سے زیادہ زرمبادلہ حاصل کر رہے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ کامیاب برآمدی معیشتوں میں ایس ایم ایز روزگار، جدت، صنعتی تنوع اور گہری ویلیو ایڈیشن کو آگے بڑھاتی ہیں، لیکن پاکستان میں اب بھی ایس ایم ایز کو مالی سہولتوں تک محدود رسائی، حد سے زیادہ ریگولیٹری بوجھ، غیر مستقل ٹیکسیشن اور غیر قابل بھروسہ انفراسٹرکچر جیسے مسائل کا سامنا ہے جو ایس ایم ایز کی ترقی میں بڑی رکاوٹ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم ایز ہمیشہ سے معاشی ترقی کے لیے مرکزی حیثیت رکھتی ہیں لیکن بدقسمتی سے ہمارے پالیسی ساز ایک وقت تک متحرک رہنے کے بعد اسے نظر انداز کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے ہماری ایس ایم ایز برآمدات کے تناظر میں ترقی حاصل نہیں کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سے اپیل ہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں ایس ایم ایز کی ویلیو ایڈیشن اور برآمدات کے لئے خصوصی پیکج کا اعلان کرے۔

شدید بارش کے دوران رکشہ ڈرائیور منزل کی جانب رواں ہے

ٹک ٹاکر حکیم بابر کو شربت میں زہریلی چیز پلا دی گئی، ہسپتال منتقل

ملزمان نے ٹک ٹاک پر ان کی شہرت سے حسد کی وجہ سے یہ اقدام کیا، حکیم بابر کا الزام

لاہور (آئی این پی) پنجاب کے ضلع سمبڑیال میں معروف ٹک ٹاکر حکیم بابر کو مبینہ طور پر شربت

ٹیکس ریوینو میں کمی

رواں مالی سال کے پہلے 11 ماہ میں ٹیکس شارٹ فال 860 ارب روپے سے زائد ہونے کا امکان ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) ٹیکس ریونیو کا ماہانہ ہدف پورا کرنے میں ناکام نظر آ رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مئی 2026ء میں ٹیکس وصولی کا ہدف 1150 ارب روپے تھا تاہم ایف بی آر اب تک 965 ارب روپے ہی ٹیکس جمع کر پایا ہے، اسے مئی کے محصولات میں 185 سے 190 ارب روپے کمی کا سامنا تھا جبکہ ایف بی آر حکام کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں 683 ارب روپے کا شارٹ فال تھا۔ رواں مالی سال ایف بی آر کا سالانہ ہدف 14 ہزار 131 ارب روپے مقرر تھا تاہم آئی ایم ایف کی مشاورت سے اِسے کم کر کے 13 ہزار 989 ارب کر دیا گیا۔ سالانہ ہدف پر نظرِ ثانی اور کمی کے باوجود محاصل جمع کرنے میں مشکلات کا سامنا رہا۔ ٹیکس محاصل میں کمی کے باوجود آئندہ مالی سال (2026-27ء) ایف بی آر کا سالانہ ٹیکس ہدف 15 ہزار 267 ارب رکھنے کی تجویز دی گئی ہے۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے کمزور ٹیکس وصولی ہی کے پیشِ نظر حکومت پاکستان کو تجویز دی کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں جنرل سیلز ٹیکس (جی ایس ٹی) کی معیاری شرح 18 فیصد سے بڑھا کر 19 فیصد کی جائے۔ پاکستانی حکام اب تک اِس تجویز کی مخالفت کر رہے ہیں، اُن کا موقف ہے کہ اِس سے مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا، جی ایس ٹی میں مجوزہ اضافے سے سولر پینل اور الیکٹرک کاروں سمیت ہر چیز مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ میڈیا ذرائع کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف نے یہ تجویز اِس لئے دی کیونکہ صرف ایک فیصد اضافے سے حکومت کو 300 ارب روپے اضافی مل سکتے ہیں۔ وزارتِ صنعت اور پیداوار کے حکام کا کہنا تھا کہ اضافے کی تجویز زیرِ غور ضرور ہے لیکن کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا جبکہ وزارتِ خزانہ کے حکام اور چیئرمین ایف بی آر کا موقف تھا کہ ایسی کوئی تجویز زیرِ غور نہیں۔ نئے بجٹ میں ہائبرڈ گاڑیوں پر سیلز ٹیکس کی موجودہ آٹھ فیصد شرح کو بڑھا کر 18 فیصد کرنے اور الیکٹرک گاڑیوں پر ٹیکس کی شرح ایک فیصد سے بڑھا کر 18 فیصد کرنے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ اِسی طرح سولر پینل پر جی ایس ٹی کی شرح 10 فیصد سے بڑھا کر 18 فیصد کیے جانے کا امکان ہے۔ اِن تجاویز پر عملدرآمد کی صورت میں الیکٹرک کاریں، موٹر سائیکلیں، رکشے، ٹرک، بسیں بلکہ الیکٹرک پِک اَپ، ٹریکٹر اور ڈبل کیبن گاڑیوں کی قیمتیں بھی نمایاں طور پر بڑھ جائیں گی۔ صارفین سستی اور ماحول دوست گاڑیوں کی طرف منتقلی کے بجائے مہنگائی کی زد میں آ سکتے ہیں۔ وزارتِ صنعت اور پیداوار کے حکام نے مذکورہ اشیاء پر جی ایس ٹی میں اضافے کی تجاویز کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ تجاویز زیرِ غور ضرور ہیں تاہم کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ حکومت اِس وقت آئندہ مالی سال کے بجٹ کی تیاریوں میں مختلف تجاویز پر کام کر رہی ہے جبکہ دو روز قبل ہی وزیرِ اعظم شہباز شریف نے اپنے دورہ چین کے بعد لاہور میں سینئر صحافیوں سے ملاقات کے دوران کہا تھا کہ دفاعی اور سفارتی خود انحصاری کے بعد اب معاشی استحکام حکومت کی اگلی منزل ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ اِس حوالے سے پاکستان کو چین کی معاونت حاصل ہوگی اور انشاء اللہ خطے میں اِس کا بڑا کردار جلد سامنے آئے گا۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ پاکستان معاشی حوالے سے خود انحصاری کی منزل پر پہنچنے کے لئے پُرعزم ہے اور اِس میں سی پیک کا کردار اہم ہے۔ وزیرِ اعظم کے مطابق پاکستان امریکہ اور ایران جنگ کے اثرات کی زَد میں آیا، عوام کی مشکل کا احساس ہے اِس لئے اُنہیں ریلیف دینا حکومت کی ترجیح ہے۔ دوسری طرف رواں مالی سال ٹیکس شارٹ فال تین ارب ڈالر سے تجاوز کرتا نظر آ رہا ہے جس کی دیگر وجوہات میں سے ایک امریکہ ایران جنگ بھی ہے، توانائی کی بڑھتی قیمتوں نے مہنگائی کے علاوہ زیادہ پیداواری لاگت جیسے مسائل پیدا کیے، اِس سے کاروبار بھی متاثر ہوئے جس کی وجہ سے ٹیکس شارٹ فال میں اضافہ ہوا۔ آئی ایم ایف آئندہ مالی سال کے لئے سیلز ٹیکس میں اضافہ کر کے شارٹ فال میں کمی کرنے کا مشورہ تو دے رہا ہے تاہم اگر سیلز ٹیکس میں اضافہ ہوا تو اِس سے مہنگائی میں بھی یقینی طور پر اضافہ ہوگا۔ عالمی مالیاتی فنڈ نے آئندہ مالی سال کے دوران اوسط مہنگائی قریباً 4.8 فیصد رہنے کا تخمینہ لگایا ہے سولر پینل اور الیکٹرک گاڑیوں کے سیلز ٹیکس میں کئی فیصد اضافہ حکومت کی متبادل توانائی کی پالیسی کو بُرے طریقے سے متاثر کر سکتا ہے۔ حکومت کو ٹیکس کی شرح بڑھانے کی وجہ سے تنقید کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اِس میں مزید اضافہ ہوا تو عوام کے غم و غصے کو قابو میں رکھنا مشکل ہو سکتا ہے۔ حکومت کو چاہئے کہ ٹیکس دہندگان پر بوجھ بڑھانے کے بجائے ٹیکس نیٹ بڑھانے ہی پر توجہ مرکوز کرے، اُن طبقات کو ٹیکس نیٹ میں لائے جو تاحال اِس کا حصہ نہیں ہیں جبکہ اس کی چوری روکنے اور حکومتی اخراجات کم کرنے پر توجہ دیں۔ اس کے ساتھ ساتھ سینکڑوں ارب سالانہ کا نقصان کرنے والے اداروں کی نجکاری کے کام کو جنگی بنیادوں پر مکمل کرنے کا اہتمام کرنا چاہئے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر و ایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

فراموش کی گئی ملکہ!

راو منظر حیات

پندرہویں صدی عیسوی میں مسلمان، سپین سے نکالے جا چکے تھے۔ اکثریت قتل کر دی گئی تھی یا غلام بنا دی گئی تھی۔ مسلمانوں کے دور اقتدار میں بحیرہ روم پر مکمل طور پر پرتگالیوں اور سپین کے بحری بیڑوں کا راج تھا۔ تلخ حقیقت کو اس وقت کے حالات کے مطابق بدلنا ناممکن تھا۔ آبنائے جبرالٹر پر مسلمانوں کا وجود تک ختم ہو چکا تھا۔ حالات اس قدر مخدوش تھے کہ 1415ء میں پرتگالیوں نے Cueta شہر پر قبضہ کیا۔ ساتھ ہی ساتھ Asila اور ٹینجر پر قابض ہو چکے تھے۔

دولت لوٹنا تو خیر ایک طرف، ہزاروں مسلمانوں کو غلام بنا دیا گیا تھا۔ بحری تجارت پر مکمل غلبہ پرتگالیوں اور سپین سے تعلق رکھنے والے بحری بیڑوں کا تھا۔ بحر اوقیانوس اور بحیرہ روم کی تمام تجارتی بندرگاہیں غیر مسلموں کے تسلط میں آ چکی تھیں۔ اس دور پر آشوب میں ایک لڑکی السیدہ الہورہ بجلی بن کر مخالفین پر بربری اور ظلم کے خلاف ایک استعارہ بن گئی۔ یہ وہ ملکہ تھی جسے تاریخ کے اوراق میں اس کا جائز مقام کبھی حاصل نہیں ہو سکا۔ 1485ء عیسوی میں اسپین کے ایک معزز گھرانے میں پیدا ہوئی۔ اس خاندان کا نام بنو راشد تھا۔ جو مسلمان سلاطین اور دربار سے گہری نسبت رکھتا تھا۔

اندرونی رقابتوں اور لڑائیوں نے اندلس میں مسلمانوں کو خاک میں تبدیل کر دیا۔ بنو راشد کا پورا خاندان، ہجرت کر کے شمالی افریقہ جانے پر مجبور ہو گیا۔ ایک بچی کے طور پر الہورہ کو وہ تمام مظالم یاد تھے جو مسلمانوں پر مفتوح ہونے کے بعد کیے گئے۔ مگر شومئ قسمت کہ اندلس کے زوال کا بدلہ لینے والا کوئی بھی موجود نہیں تھا۔ الہورہ کے والد نے شمالی مراکش منتقل ہونے کے بعد ساحلی علاقے میں معمولی سا شہر آباد کیا۔ جس کا نام Chefchaouen تھا۔ یہ شہر اسپین اور پرتگال کے بادشاہوں کے مظالم سے تنگ آئے ہوئے مہاجرین کی پناہ گاہ میں تبدیل ہو گیا۔ یہاں اہم نقطہ قارئین کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ جو مظالم مسلمانوں کے درپے ہوئے، ویسے ہی یہودی خاندانوں پر بھی برپا کیے گئے۔

چنانچہ شف شاین میں یہودی خاندان بھی آباد ہوتے چلے گئے۔ السیدہ کو اپنے وقت کی بہترین تعلیم و تربیت دی گئی۔ جس میں حکومت کرنے کے آداب، اصول رہنمائی، سیاست کی پیچیدگیاں اور گفت و شنید کے تمام اصول شامل تھے۔ 1510ء میں الہورہ کی شادی ابوالحسن المندری سے کی گئی جو مراکش کے شاہی خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ شادی کے بعد tetouan شہر میں منتقل ہو گئیں اور خاوند کے ہمراہ اس شہر پر حکومت کرنے لگیں۔ المندری کے انتقال کے بعد شہر کی گورنر مقرر ہوئیں۔ کسی ایک مذہبی عالم یا رہنما نے یہ کہہ کر ان کی حکومت کو رد نہیں کیا کہ وہ ایک خاتون ہے۔ اگر آپ اس زمانے کے نسخوں کو پڑھیں تو معلوم پڑتا ہے کہ الہورہ حد درجہ بہادر، طاقتور، اعلیٰ تعلیم یافتہ اور لائق حکمران کے طور پر جانی جاتی تھی۔

مگر طیطوان کی مضبوط حکومت السیدہ الہورہ کا اصل تعارف نہیں ہے۔ مسلمانوں کے پاس کسی قسم کے جنگی بحری جہاز نہیں تھے۔ یہ غیر معمولی کام الہورہ نے انجام دیا۔ لیاقت اور ترجیح کا کمال دیکھیں کہ اس نے ہسپانوی اور پرتگالی بحری جہازوں پر اسٹڈی کی۔ نقشے ازبر کیے، ان کی کمزوریاں جانیں، اس محنت کے بعد چھوٹے جنگی جہاز بنوانے شروع کر دیئے۔ جن میں توپیں بھی کافی کم لگی ہوتی تھیں۔ دیکھنے میں یہ ایک معمولی سا کام لگتا ہے۔ ان جنگی جہازوں میں گولہ بارود رکھنے کی بھی زیادہ گنجائش نہیں تھی۔ مگر الہورہ نے توجہ بحری جہازوں کی رفتار اور تیزی سے مڑنے کی استطاعت پر رکھی تھی۔ ایک انقلابی تکنیک کے ذریعے یہ جہاز ہوا کے زور کے مخالف بھی چل سکتے تھے۔

حد درجہ نازک نقطہ یہ ہے کہ پورے جہاز میں چپو چلانے والے ملاح غلام نہیں ہوتے تھے بلکہ وہ بھی عام سپاہیوں کی طرح ہتھیاروں کے ساتھ دشمنوں سے برسرِ پیکار رہتے تھے۔ اس زمانے کے اعتبار سے جب ہسپانوی اور پرتگالی بحری جہازوں میں ان گنت غلام چپو چلاتے تھے۔ الہورہ کا یہ قدم حد درجہ اہم تھا۔ الہورہ کے نئے تجربے نے کمال کر دیا۔ مسلمانوں کے چھوٹے جنگی جہاز، بھرپور رفتار سے بہت بڑے اور مہیب جنگی جہازوں پر حملہ کرتے تھے۔ ان کو قلیل مدت میں تباہ کر کے واپس چلے جاتے تھے۔ یہ ایک ایسی جنگ تھی جس میں سیدہ نے پورے بحیرہ روم اور بحر اوقیانوس پر قبضہ کر لیا۔ مسلمانوں کا بحری بیڑا جو کہ دراصل الہورہ کا تیار کردہ تھا وسیع سمندر پر حکومت کرتا رہا۔ اسی اثناء میں ان کے شوہر کا انتقال ہو گیا۔ اس کے بعد مراکش کے سلطان محمد البتاسی نے ان سے شادی کی۔ تاریخ کے اوراق میں یہ بھی درج ہے کہ سلطان اس شادی کے لیے دارالحکومت 'فیض' سے سفر کر کے طیطوان بذات خود تشریف لائے۔

سیدہ شادی کے بعد اپنے آبائی شہر میں رہیں اور وہیں حکومت کی۔ مغربی یورپ کے لیے یہ شادی حد درجہ تباہ کن ثابت ہوئی۔ سلطان کی طاقت اور الہورہ کی ذہانت نے پورے مراکش اور آبی ذخائر کے ساتھ بسے ہوئے شہروں کو مسلمانوں کے لیے پرامن بنا دیا۔ آپ حیران ہوں گے کہ انگلستان بھی اپنی پوری عسکری اور بحری قوت کے ساتھ ان ساحلی شہروں پر حملہ کرنے کی کوشش کرتا رہا۔ مگر سیدہ کے چھوٹے سے تیز رفتار بحری بیڑے نے ساری مغربی طاقتوں کے گھٹنے زمین پر لگا دیئے۔

اس کی طاقت کا اندازہ لگائیں کہ اندلس اور پرتگال کے بادشاہ قیمتی تحائف بھیجتے تھے تاکہ ان کے بحری بیڑے آزادانہ تجارت کر سکیں۔ الہورہ کا اصول تھا کہ وہ مغربی طاقتوں کے زیر اثر ان تمام مسلمانوں کو آزاد کرواتی تھی جنھیں انھوں نے غلام بنا رکھا ہے۔ ہسپانوی، پرتگالی اور انگریز مجبور ہو چکے تھے کہ الہورہ کو خراج دیتے رہیں۔ یاد رہے کہ مراکش کے پاس کوئی بحری قوت موجود نہیں تھی۔ پورے ملک اور ساحلی علاقوں کی حفاظت سیدہ کے بحری بیڑے کرتے تھے۔

سوچنے کی بات ہے کہ السیدہ الہورہ کو مسلمانوں کسی ایک مذہبی عالم یا رہنما نے یہ کہہ کر ان کی حکومت کو رد نہیں کیا کہ وہ ایک خاتون ہے۔ اگر آپ اس زمانے کے نسخوں کو پڑھیں تو معلوم پڑتا ہے کہ الہورہ حد درجہ بہادر، طاقتور، اعلیٰ تعلیم یافتہ اور لائق حکمران کے طور پر جانی جاتی تھی۔

مگر طیطوان کی مضبوط حکومت السیدہ الہورہ کا اصل تعارف نہیں ہے۔ مسلمانوں کے پاس کسی قسم کے جنگی بحری جہاز نہیں تھے۔ یہ غیر معمولی کام الہورہ نے انجام دیا۔ لیاقت اور ترجیح کا کمال دیکھیں کہ اس نے ہسپانوی اور پرتگالی بحری جہازوں پر اسٹڈی کی۔ نقشے ازبر کیے، ان کی کمزوریاں جانیں، اس محنت کے بعد چھوٹے جنگی جہاز بنوانے شروع کر دیئے۔ جن میں توپیں بھی کافی کم لگی ہوتی تھیں۔ دیکھنے میں یہ ایک معمولی سا کام لگتا ہے۔ ان جنگی جہازوں میں گولہ بارود رکھنے کی بھی زیادہ گنجائش نہیں تھی۔ مگر الہورہ نے توجہ بحری جہازوں کی رفتار اور تیزی سے مڑنے کی استطاعت پر رکھی تھی۔ ایک انقلابی تکنیک کے ذریعے یہ جہاز ہوا کے زور کے مخالف بھی چل سکتے تھے۔

حد درجہ نازک نقطہ یہ ہے کہ پورے جہاز میں چپو چلانے والے ملاح غلام نہیں ہوتے تھے بلکہ وہ بھی عام سپاہیوں کی طرح ہتھیاروں کے ساتھ دشمنوں سے برسرِ پیکار رہتے تھے۔ اس زمانے کے اعتبار سے جب ہسپانوی اور پرتگالی بحری جہازوں میں ان گنت غلام چپو چلاتے تھے۔ الہورہ کا یہ قدم حد درجہ اہم تھا۔ الہورہ کے نئے تجربے نے کمال کر دیا۔ مسلمانوں کے چھوٹے جنگی جہاز، بھرپور رفتار سے بہت بڑے اور مہیب جنگی جہازوں پر حملہ کرتے تھے۔ ان کو قلیل مدت میں تباہ کر کے واپس چلے جاتے تھے۔ یہ ایک ایسی جنگ تھی جس میں سیدہ نے پورے بحیرہ روم اور بحر اوقیانوس پر قبضہ کر لیا۔ مسلمانوں کا بحری بیڑا جو کہ دراصل الہورہ کا تیار کردہ تھا وسیع سمندر پر حکومت کرتا رہا۔ اسی اثناء میں ان کے شوہر کا انتقال ہو گیا۔ اس کے بعد مراکش کے سلطان محمد البتاسی نے ان سے شادی کی۔ تاریخ کے اوراق میں یہ بھی درج ہے کہ سلطان اس شادی کے لیے دارالحکومت 'فیض' سے سفر کر کے طیطوان بذات خود تشریف لائے۔

سیدہ شادی کے بعد اپنے آبائی شہر میں رہیں اور وہیں حکومت کی۔ مغربی یورپ کے لیے یہ شادی حد درجہ تباہ کن ثابت ہوئی۔ سلطان کی طاقت اور الہورہ کی ذہانت نے پورے مراکش اور آبی ذخائر کے ساتھ بسے ہوئے شہروں کو مسلمانوں کے لیے پرامن بنا دیا۔ آپ حیران ہوں گے کہ انگلستان بھی اپنی پوری عسکری اور بحری قوت کے ساتھ ان ساحلی شہروں پر حملہ کرنے کی کوشش کرتا رہا۔ مگر سیدہ کے چھوٹے سے تیز رفتار بحری بیڑے نے ساری مغربی طاقتوں کے گھٹنے زمین پر لگا دیئے۔

اس کی طاقت کا اندازہ لگائیں کہ اندلس اور پرتگال کے بادشاہ قیمتی تحائف بھیجتے تھے تاکہ ان کے بحری بیڑے آزادانہ تجارت کر سکیں۔ الہورہ کا اصول تھا کہ وہ مغربی طاقتوں کے زیر اثر ان تمام مسلمانوں کو آزاد کرواتی تھی جنھیں انھوں نے غلام بنا رکھا ہے۔ ہسپانوی، پرتگالی اور انگریز مجبور ہو چکے تھے کہ الہورہ کو خراج دیتے رہیں۔ یاد رہے کہ مراکش کے پاس کوئی بحری قوت موجود نہیں تھی۔ پورے ملک اور ساحلی علاقوں کی حفاظت سیدہ کے بحری بیڑے کرتے تھے۔

سوچنے کی بات ہے کہ السیدہ الہورہ کو مسلمانوں

متکبر و متلون مزاج ڈونلڈ ٹرمپ

تنویر قیصر شاہد

ایران کے ساتھ کسی باعزت معاہدے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ خود امریکی صدر کی متلون مزاجی سمجھی جا رہی ہے۔ امریکی صدر، ڈونلڈ ٹرمپ، اپنے ملکی و غیر ملکی حریفوں اور مخالفین بارے بھی جو زبان استعمال کر رہے ہیں، ایسا لہجہ شائد ہی کبھی کسی امریکی صدر یا غیر ملکی حکمران نے اپنے مخالفین کے کے لیے استعمال کیا ہوگا۔ ایران سے حالیہ محاربے کے دوران، فرسٹریشن میں، ٹرمپ صاحب تو بالکل ہی ہتھے سے اُکھڑتے نظر آئے ہیں۔

مثال کے طور پر 5 اپریل 2025ء کو موصوف نے ایران، ایرانی عوام اور ایرانی حکام کو، اپنے ایک ٹویٹ میں، جس قابلِ گرفت الفاظ میں پکارا ہے، ساری دُنیا ششدر رہ گئی۔ کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ ٹرمپ صاحب ایران کے خلاف ایسا Abusive لہجہ اختیار کر سکتے ہیں۔ اگر کالم میں گنجائش ہوتی تو مَیں یقیناً یہ توہین آمیز الفاظ لکھ بھی دیتا، مگر مجھے اپنی کالمی اخلاقیات پابند کرتی ہیں۔

اور جب 6 اپریل کی پریس کانفرنس کے دوران ایک صحافی نے ٹرمپ سے اِن الفاظ کی شدت بارے سوال پوچھا تو اُنہوں نے لاپرواہی سے کندھے اچکاتے ہُوئے کہا: ''مَیں نے کہہ دیا تو بس کہہ دیا۔'' سچ تو یہ ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ قول و فعل میں اپنے مخالفین بارے سفاکیت کے مظاہرے کرتے ہُوئے ہر حد سے متجاوز ہو گئے ہیں۔ بدنام زمانہ اپسٹین فائلز کے حوالے سے امریکی کانگریس مین (Dan Goldman) نے ٹرمپ بارے جو تہلکہ خیز بیان دیا ہے، اُس سے یہ بھی عیاں ہوتا ہے کہ یہ صاحب اخلاقی طور پر بھی کس قدر پستی کا شکار ہیں۔

28 فروری 2026ء کو ایران پر حملہ کرنے سے قبل ٹرمپ نے ایران کے خلاف سرکاری بیان دیتے ہُوئے سابقہ ایرانی حکام کے امریکہ مخالف بیانات کا جس اسلوب میں ذکر کیا، اس سے یہ بھی عیاں ہُوا تھا کہ موجودہ امریکی صدر اوٹ کا سا بغض رکھتے ہیں۔ ایران اور ایرانی صدور تو پھر بھی غیر امریکی ہیں، مگر ٹرمپ صاحب اپنے ہم وطن سیاسی و سماجی حریفوں بارے جن سفاک خیالات کا اظہار کرتے ہیں، اِن سے ایک دُنیا حیران ہے۔ مثال کے طور پر: 21 مارچ 2026ء کو امریکی FBI کے سابق سربراہ Robert Mueller کی وفات پر اظہارِ افسوس کرنے کی بجائے ٹرمپ نے کہا: ''اچھا ہُوا۔ اُس کے مرنے پر مَیں خوش ہُوں۔ اب وہ زندہ رہ کر معصوموں کو مجروح نہیں کر سکے گا۔''

ٹرمپ نے یہ بیان اس لیے دیا کہ رابرٹ ملر پچھلے امریکی صدارتی انتخابات میں ڈونلڈ ٹرمپ کی تحقیقات کرتے رہے ہیں۔ یہ مگر کوئی پہلی افسوسناک مثال نہیں ہے۔ 2018ء میں معروف امریکی سینیٹر John McCain فوت ہُوئے تو ٹرمپ نے اظہارِ تعزیت کرنے کی بجائے کہا: ''جان میکین کے مرنے پر سب مطمئن ہُوئے ہیں۔ مَیں بھی جان میکین کو پسند نہیں کرتا تھا۔ وہ شخص ہے ہی ایسا تھا۔'' سُننے والے حیران ہی تو رہ گئے۔ جان میکین کے مرنے پر اِن سفاک الفاظ کے ادا کرنے کا پسِ منظر یہ تھا کہ آنجہانی جان میکین نے، ماضی میں، ڈونلڈ ٹرمپ کے مرتب کردہ ایک بِل کی اتنی مخالفت کی تھی کہ ٹرمپ کو پسپائی اختیار کرنا پڑی تھی۔ ٹرمپ کو یہ شکست بھُولی نہیں تھی۔

اِسی پر بس نہیں۔ 2019ء میں ممتاز امریکی مقتدر سیاستدان John Dingell کا انتقال ہُوا تو ٹرمپ نے کہا: ''مجھے یقین ہے کہ John Dingell جہنم میں گیا ہوگا۔'' اِس دل آزار بیان پر آنجہانی امریکی سیاستدان کی بیوہ (Dabbie) نے ٹرمپ بارے اظہارِ دکھ کرتے ہُوئے کہا تھا: ''ڈونلڈ ٹرمپ نے میرے آنجہانی شوہر بارے جو بیان دیا ہے، اِس سے میرا دُکھ مزید گہرا ہو گیا ہے۔ مَیں ٹرمپ کے یہ دل آزار الفاظ مرتے دَم تک فراموش نہیں کر سکوں گی۔''

اکتوبر 2021ء میں سابق امریکی وزیر خارجہ Colin Powell فوت ہُوئے تو ڈونلڈ ٹرمپ نے ترنت کہا: ''گلف وار میں پے در پے کئی نااہلیوں اور نالائقیوں کا مظاہرہ کرنے والا کون پاول مر گیا۔'' دسمبر 2025ء میں مشہور ترین سابق امریکی صدر، جان ایف کینیڈی، کی معروفِ عالم پوتی تاتیانہ اسکلوز برگ (Tatiana Schlossberg:) جو امریکہ کی مشہور صحافی اور مصنفہ تھیں) کا کینسر کے موذی مرض میں مبتلا ہو کر انتقال ہُوا تو ڈونلڈ ٹرمپ نے اُن کے خاندان سے اظہارِ تعزیت کرنے کی بجائے ایک ایسا بیان داغ دیا کہ کینیڈی خاندان سمیت سارا امریکہ تھرا کر رہ گیا تھا۔

لگتا ہی نہیں بلکہ اب تو سُننے اور دیکھنے والوں کو حق الیقین ہو گیا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ کے سینے میں گوشت پوست کا دل نہیں، بلکہ شائد پتھر کا ٹکڑا نصب ہے۔ مثال کے طور پر مارچ 2026ء کے پہلے ہفتے عالمی بحری قوانین کی توہین کرتے ہُوئے سفاک امریکی بحریہ نے بین الاقوامی سمندر میں (بھارت میں جنگی مشقیں کر کے واپس آنے والے) ایرانی بحری جہاز IRIS Dena (جو نہتا تھا) کو تارپیڈو مار کر تباہ کر دیا تو اِس سانحہ پر ٹرمپ نے ایک تقریب کے دوران ہنستے ہُوئے کہا: ''مَیں نے اپنے بہادر میرینز سے کہا تھا: بھئی، ایرانی بحری جہاز کو عملے سمیت پکڑ لینا چاہیے تھا، مگر میرے بہادر ملاحوں نے کہا: تارپیڈو مارنا زیادہ Fun تھا۔'' خدا کی پناہ ایسا ظلم، ایسی سفاکی!! جیتے جاگتے ایرانی بحریہ کے جوانوں کو قتل کیا جا رہا تھا اور سفاک امریکی صدر اِس خونریزی کو ''فن'' کا نام دے رہے تھے۔ یاد رہے کہ مذکورہ ایرانی بحری جہاز میں 130 سے زائد ایرانی بحریہ کا عملہ تھا۔ امریکی حملے میں 80 ایرانی بحری افسران شہید ہو گئے تھے۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اُن کی سفاک ملٹری اسٹیبلشمنٹ (جس پر صہیونی اسرائیل کا غلبہ ہے) کی بربریت بارے یہاں کئی مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ امریکیوں سے کسی انسانی جذبے اور انسانیت کی توقع رکھنا عبث ہے۔ اِس ضمن میں ایک اور دردناک مثال پیشِ خدمت ہے: ایران پر صہیونی اسرائیل و عیسائی امریکی جنگ مسلط کرنے کے بعد (15 مارچ 2026ء کو) امریکیوں نے ایران کے شہر ''میناب'' میں خاص طور پر بچیوں کے ایک اسکول پر حملہ کیا۔ اِس حملے میں 150 سے زائد معصوم ایرانی بچیاں (جن کا جنگ سے قطعی کوئی تعلق ہی نہیں تھا) شہید کر دی گئیں۔

یہ خونریز منظر اور خونی خبر جب عالمی میڈیا کے توسط سے دُنیا بھر میں پھیلی تو ایک کہرام مچ گیا۔ امریکہ، کینیڈا، برطانیہ اور مشرقِ وسطیٰ کے ہر بڑے اخبار اور ٹی وی چینل نے اِس المناک اور دل دہلا دینے والی خبر کو رپورٹ کیا۔ یہ خبر، ظاہر ہے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ تک بھی پہنچی۔ اور جب واشنگٹن میں ایک امریکی صحافی نے اِس سانحہ بارے ٹرمپ سے سوال کیا کہ ''امریکی میزائل سے ہلاک (شہید) ہونے والی ڈیڑھ سو سے زائد ایرانی اسکول بچیوں بارے آپ کیا کہیں گے؟'' تو ٹرمپ نے سفاکی سے جواب دیا: ''یہ میزائل ہم نے یا اسرائیل نے نہیں مارا تھا۔ یہ خود ایرانیوں کی کارستانی ہے۔''

بے حسی کا کوئی حد سے گزرنا دیکھے! بلاشبہ ڈونلڈ ٹرمپ کا تکبر اور غرور اب تو بامِ عروج تک جا پہنچا ہے۔ 21 مارچ 2026ء کو اُن کے اِس متکبرانہ رویئے کی ایک نئی اور حیرت انگیز جہت سامنے آئی۔ جاپانی وزیرِ اعظم سانائی تاکاچی (Sanae Takaichi) ایران، امریکہ جنگ کے حوالے سے بات چیت کے لیے واشنگٹن گئی ہُوئی تھیں۔ 21 مارچ کو وہائیٹ ہاؤس کے اوول آفس میں میزبان ٹرمپ اور مہمان جاپانی وزیرِ اعظم نے مشترکہ پریس کانفرنس کی۔ سوال جواب کی نشست کے دوران ایک جاپانی صحافی نے ٹرمپ سے پوچھا: ''جنابِ والا، آپ نے ایران پر حملہ کرنے سے قبل اپنے یورپی و ایشیائی اتحادیوں کو اعتماد میں کیوں نہ لیا؟ اپنے اور اسرائیل تک یہ راز کیوں رکھا؟'' ڈونلڈ ٹرمپ نے پلٹ کر (اپنے معزز جاپانی مہمان کی قطعی پروا نہ کرتے ہُوئے) انتہائی سفاکی سے جواب دیا: ''مَیں نے یہ راز داری جاپانیوں سے سیکھی ہے۔''

جاپان نے بھی تو (جنگِ عظیم دوم کے دوران) راز داری سے کام لیتے ہُوئے (امریکی ریاست ''ہوائی'' کی بندرگاہ) پرل ہاربر پر تباہ کن سپرائز حملہ کیا تھا۔'' پھر ٹرمپ نے جاپانی صحافی کو مخاطب کرتے ہُوئے طنزیہ کہا: ''آپ نے مجھے (امریکہ کو) اُس سرپرائز حملے بارے بتایا تھا؟'' اور ساتھ بیٹھی جاپانی وزیرِ اعظم کا حال یہ تھا کہ کاٹو تو لہو نہیں۔ وہ مگر زبان سے کچھ بولی نہیں۔ جاپانی حزبِ اختلاف اور جاپانی میڈیا نے اپنی وزیرِ اعظم کی خاموشی اور ٹرمپ کی سفارتی بیہودگی پر سخت احتجاجات تو کیے، مگر ٹرمپ نے کوئی ندامت محسوس نہیں کی۔

محترمہ مریم نواز سے

ڈاکٹر فاروق عادل

کچھ دن ہوتے ہیں، کسی برخود غلط نے دعویٰ کیا: اقبالؒ کیا ہے، یہ تو غالب کے ایک مصرعے سے برآمد ہو جاتا ہے۔

علم کی دنیا میں ایسا ہو جائے تو اس پر حیرت نہیں ہونی چاہیے کیوں کہ یہ معاملہ چراغ سے چراغ جلانے جیسا ہے لیکن اگر ایسا کہنے والے نے کبھی ایسا بھی کہہ رکھا ہو کہ غنیمت ہے کہ اقبالؒ کے دریوزہ گر بس اب دو چار ہی بچے ہیں اب ہمارا دور شروع ہوتا ہے تو سمجھ میں آتا ہے کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ الفاظ کے ہیر پھیر کی ضرورت نہیں، یہ کاروبار اقبالؒ شکنی کا ہے۔ ایسا کیوں ہے، اس کی تفصیل دل چسپ بھی ہے اور عبرت خیز بھی۔

خیر، موجودہ زمانے میں تو اقبالؒ کو دائیں بازو یا مذہبی طبقات کے ساتھ نتھی کر دیا گیا ہے اور بعض شدت پسند ملاں کے طرزِ عمل نے اقبالؒ کو بے پناہ نقصان بھی پہنچایا ہے لیکن اقبالؒ ہمیشہ سے ایسا بدقسمت نہیں رہا۔ فیض احمد فیض ہوں، علی سردار جعفری ہوں یا بالکل ہمارے قریب کے زمانے کے خوش نوا احمد فراز، یہ سب اقبال کے خوشہ چین تھے اور اس کی محبت کا دم بھرتے تھے۔

ہمارے یہ بلند قامت شعرا روایتی طور پر بائیں بازو کی طرف نہ صرف رجحان رکھتے تھے بلکہ اپنی نظریاتی آدرشوں کی خاطر انھوں نے کبھی کسی قربانی سے بھی گریز نہیں کیا۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ یہ تینوں بزرگ پختہ نظریاتی تشخص رکھنے والے لوگ تھے لیکن اس کے باوجود ان کے یہاں اقبالؒ کے لیے بھی منفی جذبات یا یوں کہیے کہ کینہ نہیں پایا گیا۔ کینہ تو دور کی بات ہے ان بلند قامت شعرا نے اقبالؒ کو منظوم خراجِ عقیدت تک پیش کیا ہے۔ اس ضمن میں فیض کی نظم تو درجہ کمال کو پہنچتی دکھائی دیتی ہے۔ فیض نے کہا تھا:

آیا ہمارے دیس میں اک خوش نوا فقیر
آیا اور اپنی دھن میں غزل خواں گزر گیا
سنسان راہیں خلق سے آباد ہو گئیں
ویران مے کدوں کا نصیبہ سنور گیا

یہ نسبتاً ایک طویل نظم ہے جس میں انھوں نے اقبال کی شاعری ہی نہیں ان کی فکر کی تحسین بھی کی ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے جس زمانے میں فیض صاحب اقبالؒ کو خراجِ عقیدت پیش کر رہے تھے، انھیں احساس ہو گیا تھا کہ مستقبل میں کیا ہو سکتا ہے لہٰذا اسی نظم میں انھوں نے کہا:

اب دور جا چکا ہے وہ شاہ گدا نما
اور پھر سے اپنے دیس کی راہیں اداس ہیں

ہمارے دیس کی راہیں کیوں اداس ہیں؟ پوری نظم پڑھیں تو اس سوال کا جواب بھی مل جاتا ہے۔ فیض فرماتے ہیں:

چند اک کو یاد ہیں کوئی اس کی ادائے خاص
دو اک نگاہیں چند عزیزوں کے پاس ہیں

ایسا کیوں ہوا کہ اقبالؒ کی ادائے خاص چند عزیزوں تک ہی محدود کیوں رہ گئیں اور نام نہاد دانش وروں کے مٹھی بھر گروہ نے اقبالؒ کے بارے میں ہذیان کیوں بکنا شروع کر دیا۔ اقبالؒ پر زبان طعن دراز کرنے والے دو طرح کے لوگ ہیں۔ ان

سپورٹس ڈیسک

گلین میکسویل ون ڈے سے ریٹائرمگر وکٹوریہ کی طرف سے کھیلیں گے

کرکٹ آسٹریلیا کا کنٹریکٹ ختم ہونے کے بعد ریاست کوئینز لینڈ میں رہائش کے باوجود وکٹوریہ کے لیے اپنی دستیابی کا اعلان

میلبورن (این این آئی) آسٹریلیا کے مایہ ناز آل راؤنڈر گلین میکسویل نے ون ڈے انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ اور سٹیٹ کنٹریکٹ نہ ہونے کے باوجود وکٹوریہ کی جانب سے 50 اوورز کی کرکٹ کھیلنے پر آمادگی ظاہر کر دی ہے۔ای ایس پی این کے مطابق گلین میکسویل کی طرح میتھیو شارٹ بھی کرکٹ آسٹریلیا کا کنٹریکٹ ختم ہونے کے بعد ریاست کوئینز لینڈ میں رہائش کے باوجود وکٹوریہ کے لیے اپنی دستیابی برقرار رکھیں گے۔گلین میکسویل جو رواں سال اکتوبر میں 38 برس کے ہو جائیں گے 2025 کی چیمپئنز ٹرافی کے بعد ون ڈے کرکٹ کو خیر باد کہہ چکے ہیں، تاہم وہ اپنی فٹنس اور فارم کو برقرار رکھنے کے لئے وکٹوریہ کی جانب سے ون ڈے کپ کھیلنے کے خواہش مند ہیں۔ گزشتہ سال بھی انہوں نے ریٹائرمنٹ کے بعد وکٹوریہ کیلئے 2 میچ کھیلے تھے جس میں ایک شاندار سنچری بھی شامل تھی۔گلین میکسویل کا ہدف اب صرف ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ ہے اور وہ خود کو انٹرنیشنل کرکٹ کے لئے تیار رکھنا چاہتے ہیں۔دوسری جانب میتھیو شارٹ نے غیر ملکی فرنچائز لیگز میں شرکت اور شیڈول کی آزادی کے پیش نظر سٹیٹ کنٹریکٹ نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے، جس سے انہیں این اوسی کے حصول میں آسانی رہے گی۔وکٹوریہ کرکٹ نے سیزن 27-2026 کے لئے اپنے سکواڈ کا اعلان بھی کر دیا ہے جس میں کئی نوجوان کھلاڑیوں کو شامل کیا گیا ہے جبکہ پیٹر ہینڈز کومب، مارکس ہیرس اور سکاٹ بولینڈ جیسے تجربہ کار کھلاڑی سکواڈ کا حصہ ہیں۔وکٹوریہ کرکٹ نے سیزن 27-2026 کے لئے اپنے سکواڈ کا اعلان بھی کر دیا ہے جس میں کئی نوجوان کھلاڑیوں کو شامل کیا گیا ہے جبکہ پیٹر ہینڈز کومب، مارکس ہیرس اور سکاٹ بولینڈ جیسے تجربہ کار کھلاڑی سکواڈ کا حصہ ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

سڈنی، فٹبال لیگ میچ کے دوان کھلاڑی ایک دوسرے بال چھین رہے ہیں

آئی سی سی نے سالانہ درجہ بندی کی فہرست جاری کردی

مردوں میں بھارت اور خواتین میں آسٹریلیا نے بدستور پہلی پوزیشن برقرار

لاہور (سپورٹس نیوز) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی جانب سے سالانہ درجہ بندی کی فہرست جاری کر دی گئی جس کے مطابق مردوں میں بھارت اور خواتین میں آسٹریلیا نے بدستور پہلی پوزیشن برقرار رکھی ہے۔نئی درجہ بندی میں مئی 2025 کے بعد کھیلے گئے مقابلوں کو مکمل اہمیت دی گئی ہے جبکہ اس سے پہلے کے دو برس کے مقابلوں کو نصف اہمیت دی گئی ہے۔مردوں کی فہرست میں بھارت 275 پوائنٹس کے ساتھ سرفہرست ہے تاہم انگلینڈ کے ساتھ اس کا فرق کم ہو کر 13 پوائنٹس رہ گیا ہے۔انگلینڈ 262 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے اور آسٹریلیا 258 پوائنٹس کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ابتدائی سات ٹیموں کی پوزیشن میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، جن میں نیوزی لینڈ، جنوبی افریقہ، پاکستان اور ویسٹ انڈیز شامل ہیں۔دیگر تبدیلیوں میں سری لنکا چھ پوائنٹس کی کمی کے بعد نویں نمبر پر چلی گئی ہے جبکہ بنگلہ دیش اس سے آگے نکل گیا ہے۔امریکہ نے نمایاں بہتری دکھاتے ہوئے 13 ویں پوزیشن حاصل کی جبکہ نیپال اور اٹلی نے بھی درجہ بندی میں ترقی کی۔اس کے علاوہ اسپین، قبرص اور ایسواتینی نے بھی اپنی پوزیشن بہتر بنائی جبکہ موزمبیق کو سب سے زیادہ نقصان اٹھانا پڑا اور وہ 15 درجے نیچے چلا گیا۔خواتین کی درجہ بندی میں آسٹریلیا 287 پوائنٹس کے ساتھ پہلے نمبر پر ہے جبکہ انگلینڈ 275 اور بھارت 264 پوائنٹس کے ساتھ بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر ہیں۔نیوزی لینڈ، جنوبی افریقہ اور ویسٹ انڈیز چوتھے سے چھٹے نمبر پر موجود ہیں جبکہ سری لنکا ساتویں نمبر پر رہتے ہوئے چھٹی ٹیم کے قریب پہنچ گئی ہے۔دیگر نمایاں تبدیلیوں میں امریکہ نے 22 ویں سے 20 ویں اور جرمنی نے 35 ویں سے 29 ویں پوزیشن حاصل کی۔نئی درجہ بندی کے بعد خواتین کی فہرست میں 78 ٹیمیں شامل ہیں جبکہ کم مقابلے کھیلنے کے باعث کچھ ٹیمیں فہرست سے باہر ہو گئی ہیں۔

☆☆☆☆☆

بابر اعظم کو دوبارہ کپتان نہیں بنانا چاہیے، احمد شہزاد

آپ پانچ سال کی ناکامی کو ایک ٹورنامنٹ کی کامیابی سے کیسے بدل سکتے ہیں، انٹرویو

کراچی (این این آئی) پاکستان کے اوپنر بیٹر احمد شہزاد نے کہا ہے کہ بابر اعظم کو دوبارہ کپتان نہیں بنانا چاہیے۔نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے احمد شہزاد نے کہا کہ ایک ٹورنامنٹ کے 8 میچوں میں اچھی کپتانی ہو گئی یا ٹیم جیت گئی تو اس کا مطلب ہے کہ کپتان بالکل بدل گیا ہے، پہلے پانچ سال ٹیم کی کپتانی کس

کے پاس تھی۔انہوں نے کہا کہ آپ پانچ سال کی ناکامی کو ایک ٹورنامنٹ کی کامیابی سے کیسے بدل سکتے ہیں۔احمد شہزاد نے کہا کہ بابر اعظم بہت زبردست کھیل رہے ہیں انہیں چاہیے کہ اپنی بیٹنگ پر توجہ دیں اور پاکستان کے لیے ڈھیروں رنز کر کے میچز جتوائیں، ان کے اور ملک کے لیے یہی بہتر ہے۔انہوں نے کہا کہ بابر کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ان کی ٹیسٹ میں پرفارمنس نہیں ہے، 24 سے 25 اننگز میں صرف دو نصف سنچریاں ہیں۔بہت زبردست کھیل رہے ہیں انہیں چاہیے کہ اپنی بیٹنگ پر توجہ دیں اور پاکستان کے لیے ڈھیروں رنز کر کے میچز جتوائیں، ان کے اور ملک کے لیے یہی بہتر ہے۔انہوں نے کہا کہ بابر کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ان کی ٹیسٹ میں پرفارمنس نہیں ہے، 24 سے 25 اننگز میں صرف دو نصف سنچریاں ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

انگلینڈ کے فاسٹ باؤلر اولی روبنسن کے ٹیسٹ ٹیم میں واپسی کیلئے رابطے

ہیڈ کوچ برینڈن میکولم اور مینجنگ ڈائریکٹر راب کی سے رابطے تیز کر دیئے ، دوبارہ شمولیت کے امکانات بڑھ گئے

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے فاسٹ باؤلر اولی روبنسن نے ٹیسٹ ٹیم میں ممکنہ واپسی کے لئے ہیڈ کوچ برینڈن میکولم اور مینجنگ ڈائریکٹر راب کی سے رابطے تیز کر دیئے ہیں جس کے بعد ان کی قومی ٹیم میں دوبارہ شمولیت کے امکانات بڑھ گئے ہیں۔برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق 32 سالہ اولی روبنسن نے جون 2021 سے فروری 2024 کے درمیان 20 ٹیسٹ میچز میں شرکت کرتے ہوئے 76 وکٹیں حاصل کیں، تاہم فٹنس مسائل، خصوصاً کمر کی تکلیف، ان کے کیریئر میں بڑی رکاوٹ بنی۔آسٹریلیا اور بھارت کے خلاف سیریز کے دوران انجری کے باعث ان کی کارکردگی متاثر رہی جبکہ بعد ازاں ٹیم مینجمنٹ کے ساتھ تعلقات میں بھی کشیدگی پیدا ہو گئی تھی۔اکتوبر 2024 میں مرکزی معاہدہ ختم ہونے کے بعد اولی روبنسن قومی ٹیم سے باہر ہو گئے تھے، تاہم انہوں نے ڈومیسٹک کرکٹ میں عمدہ کارکردگی کے ذریعے دوبارہ توجہ حاصل کی ہے۔سسیکس کی نمائندگی کرتے ہوئے انہوں نے گزشتہ سیزن میں 10 میچز میں 39 وکٹیں حاصل کیں جبکہ رواں سیزن میں بھی وہ 11 وکٹیں لے چکے ہیں اور ایک ناقابلِ شکست سنچری بھی سکور کی ہے۔اولی روبنسن کا کہنا ہے کہ سیزن کے آغاز میں کوچ کی جانب سے انہیں پیغام ملا کہ ٹیم کے دروازے اب بھی کھلے ہیں جبکہ مینجنگ ڈائریکٹر راب کی نے بھی بہتر کارکردگی جاری رکھنے کی تلقین کی۔ان کے مطابق یہ حوصلہ افزائی ان کی کارکردگی میں بہتری کا باعث بنی ہے۔انگلینڈ ٹیم کا اعلان مئی کے وسط میں متوقع ہے، جب نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز کے لئے سکواڈ کا انتخاب کیا جائے گا۔باؤلنگ لائن میں متعدد کھلاڑیوں کی عدم دستیابی اور انجریز کے باعث نئے مواقع پیدا ہو گئے ہیں، جس سے رابنسن کی واپسی کے امکانات مزید مضبوط ہو گئے ہیں۔اولی روبنسن نے اپنے بیان میں کہا کہ اب ان کی پوری توجہ کرکٹ پر مرکوز ہے اور وہ پہلے سے زیادہ تیار اور پختہ کھلاڑی بن چکے ہیں۔انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ اگر موقع ملا تو وہ اپنی کارکردگی سے ٹیم کی توقعات پر پورا اتریں گے۔انگلینڈ ٹیم کا اعلان مئی کے وسط میں متوقع ہے، جب نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز کے لئے سکواڈ کا انتخاب کیا جائے گا۔باؤلنگ لائن میں متعدد کھلاڑیوں کی عدم دستیابی اور انجریز کے باعث نئے مواقع پیدا ہو گئے ہیں، جس سے رابنسن کی واپسی کے امکانات مزید مضبوط ہو گئے ہیں۔اولی روبنسن نے اپنے بیان میں کہا کہ اب ان کی پوری توجہ کرکٹ پر مرکوز ہے اور وہ پہلے سے زیادہ تیار اور پختہ کھلاڑی بن چکے ہیں۔انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ اگر موقع ملا تو وہ اپنی کارکردگی سے ٹیم کی توقعات پر پورا اتریں گے۔

مولانا ادریس ترنگزئی، علم وتقویٰ کا یہ ستارہ ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، شاہد آفریدی

سابق قومی کپتان کا مولانا محمد ادریس کی شہادت پر شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے مولانا محمد ادریس ترنگزئی کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔سماجی رابطوں کی ویب سائٹ پر جاری بیان میں شاہد آفریدی نے لکھا کہ ممتاز عالم دین، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس ترنگزئی صاحب کی بزدلانہ قاتلانہ حملے میں شہادت کی خبر پر دل انتہائی رنجیدہ کر رہے۔شاہد

شہادت کی خبر پر دل انتہائی رنجیدہ کر رہے۔شاہد آفریدی نے کہا کہ علم وتقویٰ کا یہ ستارہ ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔اُمید ہے قاتلوں کو جلد بے نقاب کیا جائے گا۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔شاہد آفریدی نے مولانا محمد ادریس ترنگزئی کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔سماجی رابطوں کی ویب سائٹ پر جاری بیان میں شاہد آفریدی نے لکھا کہ ممتاز عالم دین، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس ترنگزئی صاحب کی بزدلانہ قاتلانہ حملے میں شہادت کی خبر پر دل انتہائی رنجیدہ کر رہے۔شاہد آفریدی نے کہا کہ علم وتقویٰ کا یہ ستارہ ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔اُمید ہے قاتلوں کو جلد بے نقاب کیا جائے گا۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

امریکا میں فیفا ورلڈ کپ کیلئے جوش وخروش پیدا نہیں ہوسکا

بکنگ اندازوں سے کم، ہوٹل مالکان نے فٹبال ورلڈ کپ کو نان ایونٹ قرار دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں 11 جون سے شروع ہونے والے فٹبال ورلڈ کپ کیلئے اب تک کوئی جوش و خروش پیدا نہیں ہو سکا۔امریکی میڈیا کے مطابق امریکا میں فٹبال ورلڈ کپ کے میچ 11 شہروں میں ہوں گے۔تقریباً 80 فیصد ہوٹل مالکان نے کہا کہ بکنگ اندازوں سے کم ہے۔کچھ ہوٹل مالکان نے فٹبال ورلڈ کپ کو نان ایونٹ قرار دیا ہے۔ورلڈ کپ کے میچ 11 شہروں میں ہوں گے۔تقریباً 80 فیصد ہوٹل مالکان نے کہا کہ بکنگ اندازوں سے کم ہے۔کچھ ہوٹل مالکان نے فٹبال ورلڈ کپ کو نان ایونٹ قرار دیا ہے۔

ایشین ہاکی فیڈریشن کا انڈر 18 ایشیا کپ ہاکی کا شیڈول جاری

ٹورنامنٹ 29 مئی سے 6 جون تک کا کامیگاہارا، جاپان میں ہوگا، پاکستان کا پہلا ٹاکراچین سے ہوگا

ٹوکیو (این این آئی) ایشین ہاکی فیڈریشن نے مینز انڈر 18 ایشیا کپ ہاکی 2026 کے باضابطہ شیڈول کی منظوری دے دی۔ٹورنامنٹ 29 مئی سے 6 جون 2026 تک کا کامیگاہارا، جاپان میں کھیلا جائے گا، جس میں ایشیا کی بہترین ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لیے مدِ مقابل ہوں گی۔ایونٹ میں ٹیموں کو دو گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے، پول اے میں بھارت، کوریا، میزبان جاپان، چائنیز تائپے اور قازقستان شامل ہیں، جبکہ پول بی میں پاکستان، ملائیشیا، بنگلہ دیش اور چین کو رکھا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

شو بز ڈیسک

بھارت میں کام کے دوران اردو الفاظ استعمال کرنے پر مشکلات کا سامنا رہا: عمران عباس

بھارتی اداکار اردو کے حرف خ کو مختلف انداز میں ادا کرتے ہیں، وہ لفظ کے کی جگہ کی بولتے ہیں، جو ہندی کے اثر کی وجہ سے ہے

معروف پاکستانی اداکار عمران عباس نے بھارت میں کام کے دوران اردو زبان کے مختلف لہجوں کی وجہ سے پیش آنے والی مشکلات سے متعلق

دلچسپ انکشاف کیا ہے۔حال ہی میں ایک موقع پر گفتگو کرتے ہوئے عمران عباس نے بتایا کہ بھارت میں اردو کے تلفظ میں فرق کے باعث مجھے کئی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا۔انہوں نے کہا کہ بھارتی اداکار اردو کے حرف خ کو مختلف انداز میں ادا کرتے ہیں، وہ لفظ کے کی جگہ کی بولتے ہیں، جو ہندی کے اثر کی وجہ سے ہے، جب میں نے جانثار میں بپاشا باسو کے ساتھ کام کیا تو مجھ سے کہا گیا کہ میں کے کے بجائے کی بولوں، لیکن میں نے اپنا اصل تلفظ برقرار رکھا، جس پر بحث بھی ہوئی۔عمران عباس نے بتایا کہ فلم اے دل ہے مشکل کی شوٹنگ کے دوران بھی مجھے اسی نوعیت کے مسائل کا سامنا رہا، جہاں انوشکا شرما کے ساتھ کام کرتے ہوئے بعض الفاظ کے تلفظ میں اختلاف سامنے آیا۔انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ لفظ بیوقوف کو میں بیوقوف ادا کرتا تھا جبکہ بھارتی فنکار اسے بیوخوف کہتے تھے۔اداکار کا کہنا ہے کہ یہ معمولی فرق دراصل مختلف خطوں کی لسانی تنوع کی عکاسی کرتا ہے اور اسے سراہا جانا چاہیے۔معروف پاکستانی اداکار عمران عباس نے بھارت میں کام کے دوران اردو زبان کے مختلف لہجوں کی وجہ سے پیش آنے والی مشکلات سے متعلق دلچسپ انکشاف کیا ہے۔حال ہی میں ایک موقع پر گفتگو کرتے ہوئے عمران عباس نے بتایا کہ بھارت میں اردو کے تلفظ میں فرق کے باعث مجھے کئی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا۔انہوں نے کہا کہ بھارتی اداکار اردو کے حرف خ کو مختلف انداز میں ادا کرتے ہیں، وہ لفظ کے کی جگہ کی بولتے ہیں، جو ہندی کے اثر کی وجہ سے ہے، جب میں نے جانثار میں بپاشا باسو کے ساتھ کام کیا تو مجھ سے کہا گیا کہ میں کے کے بجائے کی بولوں، لیکن میں نے اپنا اصل تلفظ برقرار رکھا، جس پر بحث بھی ہوئی۔عمران عباس نے بتایا کہ فلم اے دل ہے مشکل کی شوٹنگ کے دوران بھی مجھے اسی نوعیت کے مسائل کا سامنا رہا، جہاں انوشکا شرما کے ساتھ کام کرتے ہوئے بعض الفاظ کے تلفظ میں اختلاف سامنے آیا۔انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ لفظ بیوقوف کو میں بیوقوف ادا کرتا تھا جبکہ بھارتی فنکار اسے بیوخوف کہتے تھے۔اداکار کا کہنا ہے کہ یہ معمولی فرق دراصل مختلف خطوں کی لسانی تنوع کی عکاسی کرتا ہے اور اسے سراہا جانا چاہیے۔

عرفان خان کی گمشدہ فلم انتقال کے چھ سال بعد ریلیز، مداح حیران

عرفان خان اور ودیا بالن کی غیر ریلیز شدہ فلم دی لاسٹ ٹیسٹ یوٹیوب پر جاری کردی گئی

ممبئی (شو بز نیوز) بھارتی سینما کے لیجنڈری اداکار عرفان خان کی ایک نایاب اور طویل عرصے سے غائب فلم بالآخر ان کے انتقال کے چھ سال بعد مداحوں کے لیے جاری کر دی گئی، جس نے شائقین کو حیرت اور جذبات میں مبتلا کر دیا۔بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق عرفان خان کی چھٹی برسی کے موقع پر ان کی اور ودیا بالن کی پرانی، غیر ریلیز شدہ فلم دی لاسٹ ٹیسٹ کو یوٹیوب پر پیش کیا گیا ہے۔یہ فلم تقریباً 25 برس تک منظر عام سے دور رہی اور اب پہلی بار ناظرین کو دیکھنے کا موقع ملا ہے۔فلم کو ریلیز ہوتے ہی غیر معمولی توجہ حاصل ہوئی، جہاں صرف تین دنوں میں اسے دو لاکھ سے زائد مرتبہ دیکھا گیا، جو ناظرین کے تجسس اور دلچسپی کا واضح ثبوت ہے۔دی لاسٹ ٹیسٹ 2000 میں محدود وسائل کے ساتھ تیار کی گئی تھی۔اس کی ہدایت کاری اور تحریر سارتھک داس گپتا نے کی، جبکہ پروڈکشن نینا اور سارتھک داس گپتا نے مشترکہ طور پر سنبھالی۔یہ فلم کئی حوالوں سے منفرد اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ اس میں عرفان خان اور ودیا بالن اپنے کیریئر کے ابتدائی دور میں دکھائی دیتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ اسے بھارتی فلمی تاریخ کی ایک نایاب دستاویز قرار دیا جا رہا ہے۔دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ دونوں اداکاروں کا واحد مشترکہ اسکرین پروجیکٹ بھی ہے، جبکہ ودیا بالن کے ابتدائی ترین کاموں میں بھی اس فلم کو خاص مقام حاصل ہے

نمرہ خان نے نکاح کی تصاویر شیئر کردیں، دلہے کا چہرہ سامنے آگیا

نمرہ خان نے شادی کی تصاویر میں دلہا کا چہرہ چھپائے رکھا تھا جس کے بعد مداحوں میں تجسس تھا کہ دلہا کون ہے؟

پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ نمرہ خان نے گزشتہ دنوں اپنی دوسری شادی کی اطلاع دی تھی، لیکن دلہا کا چہرہ ظاہر نہیں کیا تھا، جس کی وجہ سے مداحوں میں تجسس تھا۔لیکن اب نمرہ خان نے انسٹاگرام پر اپنے نکاح کی تصاویر شیئر کی ہیں، جس میں دلہے کا چہرہ میں دیکھا جاسکتا ہے۔اداکارہ نے لندن میں اپنی شادی کی تصاویر شیئر کرتے ہوئے مداحوں کو اپنی دوسری شادی کی اطلاع دی تھی۔ایفل ٹاور کے سامنے لی گئی تصاویر کے ساتھ نمرہ خان نے اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اس نئے رشتے کو اللہ کی رحمت قرار دیا۔ان کی پوسٹ سامنے آتے ہی مداحوں، ساتھی فنکاروں اور شوبز شخصیات نے نیک تمناں کا اظہار کیا۔لیکن مداحوں کو تجسس تھا کہ نمرہ خان کا دلہا کون ہے؟ اب نمرہ خان نے اس راز سے پردہ اٹھاتے ہوئے نکاح کی تصاویر شیئر کی ہیں۔اور اپنے نکاح کیلیے اللہ کا شکر ادا کیا ہے۔مداحوں نے اداکارہ کو مبارک باد دیتے ہوئے جوڑی کی تعریف کی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

صبا قمر پاکستان کی مائیکل جیکسن ہیں، نمرہ شاھد

میں مائیکل جیکسن کی بہت بڑی فین ہوں، کنگ آف پاپ پر بننے والی بائیوپک دیکھ کر رو پڑی تھی، اداکارہ

کراچی (شو بز نیوز) اداکارہ نمرہ شاہد نے کہا ہے کہ مجھے لگتا ہے جس طرح صبا قمر معیاری کام کر رہی ہیں اس طرح کا کام شاید ہی کوئی کر سکتا ہے۔انٹرویو میں فلم کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ مائیکل جیکسن کی بہت بڑی فین ہیں، کنگ آف پاپ پر بننے والی بائیوپک دیکھ کر رو پڑی کمال فنکار ہیں، مجھے لگتا ہے جس طرح وہ معیاری کام کر رہی ہیں اس طرح کا کام شاید ہی کوئی کر سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ صبا جیسا فنکار

کر سکتا ہے، وہ پاکستان کی مائیکل جیکسن ہیں۔تفصیلات کے مطابق ان دنوں دنیا بھر میں ریلیز ہونے والی بائیوپک مائیکل خبروں میں ہے جس میں کنگ آف پاپ مائیکل جیکسن کی زندگی کے نشیب وفراز کو عکس بند کیا گیا ہے۔شہرت یافتہ فنکار مائیکل جیکسن کے پاکستان میں بھی فین کم نہیں، ایسی ہی ان کی ایک فین اداکارہ نمرہ شاہد بھی ہیں۔حال ہی میں اختتام پذیر ہونے والے ڈرامے ایک اور پاکیزہ میں نور بھری کا کردار کرنے والی اداکارہ نمرہ شاہد نے ایک انٹرویو میں فلم کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ مائیکل جیکسن کی بہت بڑی فین ہیں، کنگ آف پاپ پر بننے والی بائیوپک دیکھ کر رو پڑی تھیں۔نمرہ نے مائیکل کے بھتیجے جعفر جیکسن کی بھی تعریف کی اور کہا کہ جعفر جیکسن نے خوبصورتی سے کردار نبھایا، انہیں بھی 2 سال لگے مائیکل جیکسن بننے میں، یہ ہوتا ہے فنکار صرف وہی یہ کردار نبھا سکتے تھے۔اس پر اداکارہ سے سوال کیا گیا کہ کیا وہ کسی فنکار کی بائیوپک کرنا پسند کریں گی؟ نمرہ نے کہا کہ وہ اداکارہ صبا قمر کی بائیوپک کرنے کی خواہشمند ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں صبا قمر کی بائیوپک کرنا چاہوں گی وہ نا صرف ایک خوبصورت اداکارہ ہیں بلکہ ایک کمال فنکار ہیں، مجھے لگتا ہے جس طرح وہ معیاری کام کر رہی ہیں اس طرح کا کام شاید ہی کوئی کر سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ صبا جیسا فنکار ہمارے پاس ہے ہی نہیں وہ پاکستان کی مائیکل جیکسن ہیں۔نمرہ نے کہا کہ وہ اداکارہ صبا قمر کی بائیوپک کرنے کی خواہشمند ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں صبا قمر کی بائیوپک کرنا چاہوں گی وہ نا صرف ایک خوبصورت اداکارہ ہیں بلکہ ایک کمال فنکار ہیں، مجھے لگتا ہے جس طرح وہ معیاری کام کر رہی ہیں اس طرح کا کام شاید ہی کوئی کر سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ صبا جیسا فنکار ہمارے پاس ہے ہی نہیں وہ پاکستان کی مائیکل جیکسن ہیں۔

پریتی زنٹا کی فلم ”لاہور 1947 سائن“ 13 اگست کو ریلیز ہو گی

کوئی بھی عورت ٹرافی نہیں بننا چاہتی، ٹرافیاں شیشے کے شوکیس میں رکھی جاتی ہیں، جبکہ عورت کا مقام آپ کی زندگی اور دل میں ہوتا ہے، اداکارہ

ممبئی (شو بز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ پریتی زنٹا نے سوشل میڈیا پر خود کو ٹرافی کہے جانے پر سخت ردِعمل دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ کسی بھی عورت کو اس طرح کا لیبل دینا قابلِ قبول نہیں۔پریتی زنٹا نے اپنے ایکس اکاؤنٹ (ٹوئٹر) پر جاری چیٹ سیشن کے دوران ایک صارف کے تبصرے کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی عورت ٹرافی نہیں بننا چاہتی، ٹرافیاں شیشے کے شوکیس میں رکھی جاتی ہیں، جبکہ عورت کا مقام آپ کی زندگی اور دل میں ہوتا ہے۔ان کے اس جواب کو سوشل میڈیا پر کافی پزیرائی ملی اور صارفین نے ان کے واضح اور باوقار موقف کو سراہا ہے۔اداکارہ کل ہو نا ہو اور ویر زارا جیسی کامیاب فلموں کے لیے جانی جاتی ہیں، انہوں نے اپنے چیٹ سیشن میں اپنی آنے والی فلموں سے متعلق بھی بات کی۔انہوں نے بتایا کہ میری فلم لاہور 1947 سائن ایک محبت کی کہانی ہے جو تقسیم اور نفرت کے دور میں ترتیب دی گئی ہے۔پریتی زنٹا نے یہ بھی تصدیق کی کہ میری یہ فلم 13 اگست 2026 کو ریلیز ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆

ذاتی باتیں اپنے شوہروں کے ساتھ شیئر نہ کریں، اداکارہ فضیلہ قاضی

اداکارہ فضیلہ قاضی کے حالیہ بیان نے سوشل میڈیا پر نئی بحث کو جنم دے دیا

کراچی (شوبز نیوز) سینئر پاکستانی اداکارہ فضیلہ قاضی نے کہا ہے کہ اپنی تمام ذاتی باتیں اپنے شوہروں کے ساتھ شیئر نہ کریں۔اداکارہ فضیلہ قاضی کے حالیہ بیان نے سوشل میڈیا پر نئی بحث کو جنم دے دیا، ایک نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے خواتین کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی تمام ذاتی باتیں اپنے شوہروں کے ساتھ شیئر نہ کریں، بعض اوقات مردان باتوں کو یاد رکھتے ہیں اور اختلاف کی صورت میں انہیں بطور طعنہ استعمال کرتے ہیں۔فضیلہ قاضی نے اپنی ذاتی مثال دیتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے ایک موقع پر اپنے شوہر سے کچھ باتیں شیئر کیں، تاہم بعد میں انہی باتوں کو بحث کے دوران دہرایا گیا، اس تجربے کے بعد انہوں نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ ہر بات شریکِ حیات کے ساتھ شیئر کرنا مناسب نہیں ہوتا۔پروگرام کی میزبان نے بھی اس موقف کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کو خاص طور پر اپنے میکے سے متعلق معاملات شیئر کرنے میں احتیاط برتنی چاہیے کیونکہ یہ معلومات بعض اوقات کمزوری کے طور پر استعمال ہو سکتی ہیں۔اداکارہ کے اس بیان کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے ملا جلا ردِعمل سامنے آ رہا ہے، کچھ افراد ان کی بات سے اتفاق کر رہے ہیں جبکہ دیگر اسے ازدواجی اعتماد کے منافی قرار دے رہے ہیں۔

بقیہ 1

بنانے کی منظوری بھی دے رکھی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر فیصل آباد اور گوجرانوالہ میں عوام کو جدید سفری سہولیات کی فراہمی کے لئے ماس ٹرانزٹ منصوبوں پر بھی کام جاری ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لاہور سمیت پنجاب کے بڑے شہروں میں جدید ٹریفک سسٹم رائج کرنے کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تمام نئی بننے والی روڈز پر سولر اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب کو لازمی قرار دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں روڈز انفراسٹرکچر کی بہتری اور جدید ٹرانسپورٹ کیلئے اربوں روپے کے میگا منصوبے شروع کیے ہیں۔ صوبے بھر میں 30,000 کلومیٹر سے زائد سڑکوں کی تعمیر ومرمت کی جا چکی ہے۔ سیاحوں اور مقامی افراد کی سہولت کے لیے ریسٹوریشن آف روڈز پروگرام کے تحت مری کی اہم شاہراہوں کی بحالی مکمل کی گئی ہے۔

بقیہ 2

بندش اس وقت خیبر پختونخوا کے اہم ترین مسائل بن چکے ہیں جن سے صوبے کا غریب طبقہ شدید متاثر ہو رہا ہے۔ وزیراعظم صوبے کے مسائل پر ''شہباز اسپیڈ'' سے کام کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گندم اور سی این جی کے معاملات پر وہ عوام کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز خیبر پختونخوا اسمبلی میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی، اسپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی اور اپوزیشن لیڈر ڈاکٹر عبداللہ کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ صوبے کے حقوق کے لیے حکومت اور اپوزیشن کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے پر وہ اسپیکر صوبائی اسمبلی کے مشکور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی ترقی، خوشحالی اور عوام کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ وفاق کی جانب سے ایک طرف لاک ڈاؤن کیا گیا جبکہ دوسری جانب سی این جی بھی بند کی گئی، جس سے عام آدمی کی مشکلات میں اضافہ ہوا ہے۔ خیبر پختونخوا 508 ایم ایم سی ایف ڈی گیس پیدا کر رہا ہے استعمال صرف 150 ایم ایم سی ایف ڈی کرتا ہے، سی این جی بند کر کے آئین کے آرٹیکل 158 اور 151 دونوں کی مسلسل خلاف ورزی کی جارہی ہے، گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ سی این جی بندش سے سب سے زیادہ غریب طبقہ متاثر ہو رہا ہے اور اس مسئلے پر وفاقی حکومت کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں سی این جی کی بندش آئین کی خلاف ورزی ہے اور وزیراعظم کو اس معاملے کا فوری نوٹس لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ گندم اور سی این جی کی بندش سے صوبے کے عوام خصوصاً غریب طبقہ مشکلات کا شکار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کو پانی کا اپنا حصہ نہیں مل رہا، اگر صوبے کو اس کا جائز حق دیا جائے تو کسی سے گندم مانگنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔ انہوں نے کہا خیبر پختونخوا پہلے ہی دہشت گردی متاثر ہے، گندم اور سی این جی کی بندش سے صوبہ کی معاشی مشکلات میں مزید اضافہ ہوگا، گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ اگر غریب عوام کو روٹی اور سی این جی نہیں ملے گی تو لوگ سڑکوں پر نکلنے پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب ہم آئین پر حلف لیتے ہیں تو اس پر عملدرآمد بھی یقینی بنانا چاہیے۔

بقیہ 3

سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے کہا ہے کہ نئے آنے والے بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 100 فیصد اضافہ کیا جائے تاکہ مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام کو کچھ ریلیف مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوام کو ریلیف دینے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے اور عوام دشمن بجٹ کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ حلیم عادل شیخ نے کہا کہ گزشتہ سال کی نسبت مہنگائی دوگنی ہوچکی ہے، جس کے باعث عوام کا جینا مشکل بنا دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی کا ایک نیا طوفان برپا ہوگیا ہے اور روزمرہ استعمال کی اشیا عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہوچکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نصف آبادی غربت کی لکیر سے نیچے جاچکی ہے، جبکہ عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈال کر اشرافیہ کو ریلیف دینا ناقابل قبول ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نااہل فارم 47 کی حکومت نے عوام سے دوہوقت کی روٹی بھی چھین لی ہے اور ملک میں سیاسی استحکام نہ ہونے کے باعث معیشت تباہی کی جانب بڑھ رہی ہے۔ حلیم عادل شیخ نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 150 روپے فی لیٹر کمی کی جائے تاکہ مہنگائی کے ستائے ہوئے عوام کو کچھ سہارا مل سکے۔

بقیہ 4

کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی سطح پر کیے گئے وعدوں اور قائم ہونے والی شراکت داریوں کو بروقت اور مؤثر انداز میں عملی شکل دی جائے۔ وفاقی وزیرِ صحت مصطفیٰ کمال کی زیرِ صدارت وزارتِ قومی صحت میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں وفاقی سیکرٹری صحت، ایڈیشنل سیکرٹری، سی ای او ڈریپ، سی ای او نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ) سمیت وزارتِ صحت کے سینئر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں جنیوا میں منعقدہ ورلڈ ہیلتھ اسمبلی کے دوران ہونے والی اہم ملاقاتوں، فیصلوں اور بین الاقوامی شراکت داریوں پر عملدرآمد کے حوالے سے پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیرِ صحت مصطفیٰ کمال نے ہدایت کی کہ عالمی سطح پر کیے گئے وعدوں اور قائم ہونے والی شراکت داریوں کو بروقت اور مؤثر انداز میں عملی شکل دی جائے تاکہ پاکستان کے صحت کے شعبے کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچایا جاسکے۔ اجلاس میں پاکستان میں ویکسین کی مقامی سطح پر تیاری کے حوالے سے جاری پیش رفت پر بھی غور کیا گیا۔ وزیرِ صحت نے ہدایت کی کہ انڈونیشیا کے ساتھ ویکسین سازی کے شعبے میں ہونے والے معاہدے کو حتمی شکل دینے کے لیے تمام ضروری اقدامات جلد از جلد مکمل کیے جائیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ویکسین کی مقامی تیاری کے لیے انڈونیشیا پاکستان کا ایک اہم اور قابلِ اعتماد شراکت دار ہے۔ انہوں نے ڈریپ اور نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ کو ہدایت کی کہ مقامی سطح پر ویکسین کی تیاری کے تمام ضروری مراحل اور انتظامات کو تیز کیا جائے۔ وفاقی وزیرِ صحت نے کہا کہ ملک میں تیرہ اہم بیماریوں کے خلاف ویکسین کی مقامی تیاری وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے جس سے نہ صرف قومی صحت کے نظام کو مضبوط بنایا جاسکے گا بلکہ ویکسین کی دستیابی اور خود کفالت میں بھی اضافہ ہوگا۔ اجلاس میں گاوی کے تحت جاری ویکسین پروگرامز کی مستقبل کی فنڈنگ اور پائیداری کے مختلف پہلوؤں پر بھی غور کیا گیا۔ مزید برآں، نیشنل ہیلتھ سپورٹ پروگرام کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے وزیرِ صحت نے اسے حکومت کا فلیگ شپ پروگرام قرار دیا اور کہا کہ اس پروگرام کے ذریعے عوام کو معیاری اور بہتر صحت کی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وزارتِ صحت عوام کی فلاح و بہبود اور صحت کے شعبے میں پائیدار اصلاحات کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی۔

بقیہ 5

مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے گلگت بلتستان میں ترقی اور خوشحالی کا جو سفر شروع کیا ہے، اسے کسی صورت رکنے نہیں دیا جائے گا، وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت گلگت بلتستان کی ترقی کے لیے متعدد منصوبوں پر کام کر رہی ہے۔ وہ عوامی اجتماع سے خطاب کررہے تھے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) سکردو کے زیرِ اہتمام حلقہ نمبر 2، سکردو میں ایک بڑے عوامی اجتماع کا انعقاد کیا گیا جس میں پارٹی کارکنوں، مقامی عمائدین اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اجتماع میں وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام، مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق، امیدوار حلقہ نمبر 1 سکردو و جنرل سیکریٹری مسلم لیگ (ن) گلگت بلتستان اکبر تابان، امیدوار حلقہ نمبر 2 سکردو امتیاز حیدر کاجو، ترجمان مسلم لیگ (ن) گلگت بلتستان اشرف صدا، حاجی سعید بلتستانی، ضلع سکردو مسلم لیگ (ن) کے صدر حاجی شفیق سمیت دیگر رہنماؤں نے خصوصی شرکت کی اور خطاب کیا۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے اپنے خطاب میں کہا کہ قائد مسلم لیگ (ن) سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کے دور میں گلگت بلتستان میں بے مثال ترقیاتی کام انجام دیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں سڑکوں کے جال بچھائے گئے، یونیورسٹی آف بلتستان کا قیام عمل میں لایا گیا جبکہ قراقرم یونیورسٹی کے ہنزہ، دیامر اور غذر کیمپس بھی مسلم لیگ (ن) کی قیادت کے ترقیاتی وژن کا نتیجہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت گلگت بلتستان کی ترقی کے لیے متعدد منصوبوں پر کام کررہی ہے۔ شمسی توانائی (سولر انرجی) کے منصوبے، دانش سکول، تعلیمی وظائف، لیپ ٹاپ سکیمیں اور ہاؤسنگ سکیمیں نوجوانوں اور عوام کی فلاح کے لیے حکومت کے اہم اقدامات ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ سیلابی آفات کے دوران وزیر اعظم شہباز شریف نے گلگت بلتستان کے سیلاب متاثرین کے لیے 4 ارب روپے کے خصوصی امدادی و بحالی پیکج کی منظوری دی، جس کے تحت متاثرہ خاندانوں کی مدد اور نقصان زدہ انفراسٹرکچر کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے گلگت بلتستان میں ترقی اور خوشحالی کا جو سفر شروع کیا ہے، اسے کسی صورت رکنے نہیں دیا جائے گا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ یہ ہماری جماعت کا پختہ عزم ہے کہ ترقی، عوامی فلاح اور خوشحالی کے اس سفر کو مزید آگے بڑھایا جائے اور خطے کے عوام کو بہتر تعلیم، صحت، روزگار، سیاحت اور جدید بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ گلگت بلتستان کا حق ہے اور اس کا تذکرہ حال ہی میں میرے قائد میاں محمد نواز شریف نے کیا ہے کہ این ایف سی گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے عوام کا حق ہے۔ اب یہ حق دینا ہماری پارٹی کا نصب العین ہے۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ وزیرِ اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے خطے میں امن کے قیام کے لیے اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکا اور ایران کے درمیان حالیہ کشیدگی کے دوران پاکستان نے دانشمندانہ سفارت کاری کا مظاہرہ کرتے ہوئے امن کی بحالی کی کوششوں میں مؤثر کردار ادا کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ امن کا خواہاں رہا ہے، تاہم ملکی دفاع اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے ہر قسم کی صلاحیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کو شکست دے کر اپنی طاقت، عزم اور قومی یکجہتی کا ثبوت دیا۔ انجینئر امیر مقام نے پاکستان کی مسلح افواج کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج نے ملکی سرحدوں کے دفاع، قومی سلامتی کے تحفظ اور امن کے قیام کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے سابق وزیرِ اعظم نواز شریف کو بھی خراجِ تحسین پیش کیا اور کہا کہ 28 مئی 1998 کو ایٹمی دھماکوں کا فیصلہ پاکستان کی دفاعی تاریخ کا ایک سنہری باب ہے، جس نے ملک کے دفاع کو ناقابلِ تسخیر بنایا۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ گلگت بلتستان پاکستان کا ایک خوبصورت اور منفرد سیاحتی خطہ ہے، جس میں سیاحت کے بے پناہ مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان صرف اپنی قدرتی خوبصورتی، بلند و بالا پہاڑوں اور دلکش وادیوں کی وجہ سے ہی منفرد نہیں بلکہ یہاں کے عوام اپنی مثالی مہمان نوازی، خلوص، محبت اور شاندار ثقافتی.....

بقیہ 6

کرگئے۔ پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے صدر جنید اکبر نے اختلافات کے خاتمے کیلئے سابق اسپیکر اسد قیصر کی سربراہی میں 6 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی۔ کمیٹی کی سربراہی سابق اسپیکر اسد قیصر کریں گے، کمیٹی میں اسپیکر بابر سلیم سواتی، صوبائی جنرل سیکرٹری علی اصغر خان شامل ہیں۔ صوبائی وزرا مینا خان، اکبر ایوب اور پی ٹی آئی پشاور ریجن کے صدر عاطف خان بھی کمیٹی کا حصہ ہیں۔ کمیٹی کی تشکیل کا باضابطہ اعلامیہ جاری کر دیا گیا، کمیٹی ارکان پارلیمنٹ، پارلیمانی پارٹی اور صوبائی حکومت کیدرمیان رابطہ کاری کا کردار ادا کرے گی۔ رہبری کمیٹی وزیر اعلیٰ سہیل خان، صوبائی صدر اور تحریک تحفظ آئین کا مشاورتی فورم بھی ہوگا۔

بقیہ 7

ٹرانزیکشن ٹیکس میں کمی ہوسکتی ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق پراپرٹی کی خریداری کیلئے شق 236K کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس 5.1 فیصد سے کم ہوگا، پراپرٹی کی خریداری کیلئے شق 236K کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس 25.0 فیصد ہوسکتا ہے، پراپرٹی کی فروخت کیلئے شق 236C کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس 5.4 فیصد کیا جائے گا، پراپرٹی کی فروخت کیلئے شق 236C کیتحت ودہولڈنگ ٹیکس کم ہوکر 5.1 فیصد ہوسکتا ہے۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق پراپرٹی سیکٹر پر ٹیکسز میں ردوبدل کیلئے آئی ایم ایف کو آگاہ کیا گیا ہے، بجٹ میں نان فائلر کیلئے پراپرٹی کی خریدوفروخت پر کوئی ریلیف نہیں ملے گا، نان فائلر کیلئے پراپرٹی کی خریدوفروخت پر تقریباً 5.10 فیصد کے ٹیکس عائد ہیں۔ بتایا گیا کہ گزشتہ سال کی نسبت رواں مالی سال جولائی سے مارچ ودہولڈنگ ٹیکس 29 فیصد ملا، بھاری ٹیکسوں کی وجہ سے گزشتہ مالی سال کی نسبت گین ٹیکس وصولی میں بھی کمی ہوئی۔

بقیہ 8

دورہ تیسرے دن بھی جاری رہا، انہوں نے ایران اور امریکا مذاکرات کے حوالے سے ایرانی قیادت سے ملاقاتیں کی ہیں۔ سفارتی ذرائع کے مطابق وزیر داخلہ ایسے وقت میں ایران گئے ہیں، جب امریکا کی طرف سے ایران پر دوبارہ حملوں کی بات کی گئی ہے مگر صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق پاکستان کی درخواست پر ایسا نہیں کیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز محسن نقوی اور صدر مسعود پزشکیاں کی ملاقات 90 منٹ تک جاری رہی جس کے بعد وزیر داخلہ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف سے بھی ملے تھے۔

بقیہ 9

ہوئے۔ دوران سماعت عدالت نے حکم دیا کہ پنجاب پولیس کے تمام افسران کو لاپتہ خواتین کی بازیابی کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کی ہدایات جاری کی جائیں۔ پولیس رپورٹ کے مطابق سال 2021 سے اپریل 2026 تک صوبہ بھر میں 3 ہزار 252 خواتین کے لاپتہ ہونے کے مقدمات درج ہوئے، جن میں سے 1 ہزار 405 خواتین کو بازیاب کروالیا گیا جبکہ 1 ہزار 853 خواتین تاحال لاپتہ ہیں۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے استفسار کیا کہ باقی لاپتہ خواتین کی بازیابی کے لیے کتنا وقت درکار ہوگا جس پر ڈی آئی جی انویسٹی گیشن نے دو ماہ کی مہلت طلب کی۔ اس پر چیف جسٹس نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ چھ سال پہلے آپ کے پاس وقت تھا، کیا وہ کم تھا؟ یہ پولیس ڈیپارٹمنٹ کی نااہلی ہے۔ عدالت نے بازیاب کروائی گئی خواتین کے تحفظ کے بارے میں بھی استفسار کیا جس پر ڈی آئی جی نے بتایا کہ تمام محفوظ ہیں، بعض نے پسند کی شادیاں کر لی ہیں جبکہ کچھ اپنے گھروں کو واپس جا چکی ہیں، پولیس کے مطابق تقریباً 80 فیصد لاپتہ خواتین نے پسند کی شادیاں کیں۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جو خواتین تاحال لاپتہ ہیں، ان کے حالات کے بارے میں کچھ معلوم نہیں اور یہ ایک نہایت سنگین معاملہ ہے، لاپتہ خواتین کے کیسز کے لیے کوئی موثر ڈیٹا اکٹھا کرنے کا نظام موجود ہے یا نہیں؟ جس پر ڈی آئی جی نے بتایا کہ اس حوالے سے تمیمیں ڈیٹا اکٹھا کر رہی ہیں۔ چیف جسٹس نے ہدایت کی کہ ایسے کیسز کے لیے باقاعدہ اور موثر میکنزم بنایا جائے تاکہ تحقیقات کو موثر انداز میں آگے بڑھایا جاسکے۔

بقیہ 10

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے 14130 ارب روپے کے ٹیکس ہدف کی بنیاد پر بار بار 864 ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال کا تذکرہ کیا جارہا ہے جو گمراہ کن تاثر ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ ٹیکس اہداف مالی سال کے آغاز سے قبل متعدد معاشی مفروضات کی بنیاد پر مقرر کیے جاتے ہیں جن میں مجموعی قومی پیداوار کی شرح نمو، مہنگائی، متوقع درآمدات، بڑی صنعتوں کی پیداوار میں اضافہ، شرح مبادلہ اور پالیسی ریٹ شامل ہوتے ہیں، معاشی حالات میں تبدیلی کے ساتھ ان مفروضات کا ازسرِ نو جائزہ لیا جاتا ہے اور مالیاتی تخمینوں کو بھی اسی مناسبت سے ایڈجسٹ کیا جاتا ہے۔ اسی تناظر میں ابتدائی ریونیو ہدف کو بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے ساتھ مشاورت کے بعد تقریباً 13000 ارب روپے تک کم کیا گیا تاکہ بدلتے ہوئے معاشی حقائق کی عکاسی کی جاسکے۔ ان عوامل میں مہنگائی میں اتار چڑھاؤ، شرح مبادلہ میں بہتری، شرح نمو کی بدلتی ہوئی صورتحال، اندرونی چیلنجز بشمول سیلاب، اور بین الاقوامی جغرافیائی سیاسی پیش رفت جیسے امریکا۔ایران جنگ اور اس کے نتیجے میں توانائی و اجناس کی قیمتوں میں آنے والے جھٹکے شامل ہیں۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ اس نوعیت کی نظرثانیاں مالیاتی نظم و نسق کا معمول کا حصہ ہوتی ہیں اور ان کا مقصد ریونیو اور اخراجات کے تخمینوں کو موجودہ معاشی حالات کے مطابق ہم آہنگ رکھنا ہوتا ہے، اعداد و شمار کے مطابق ایف بی آر نے مئی میں 994 ارب روپے ٹیکس جمع کیا جو ماہانہ ہدف کا 97 فیصد ہے۔ مالی سال کے پہلے گیارہ ماہ کے دوران مجموعی ٹیکس وصولیاں 11257 ارب روپے تک پہنچ گئیں۔ اسی عرصے کے ہدف کے مقابلے میں ایف بی آر نے 8.99 فیصد، یعنی عملی طور پر تقریباً 100 فیصد ہدف حاصل کر لیا، یہ اعداد و شمار کسی ریونیو بحران، مالیاتی ہنگامی صورتحال یا بڑے پیمانے کے ٹیکس شارٹ فال کے دعوؤں کی تائید نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ جون 2026 کا ریونیو ہدف نظرثانی شدہ مالیاتی فریم ورک کی بنیاد پر مقرر کیا گیا ہے، نہ کہ ان پرانے اعداد و شمار کی بنیاد پر جن کا حوالہ اب بھی بعض حلقوں کی جانب سے دیا جارہا ہے۔ جون 2025 میں ایف بی آر نے 1502 ارب روپے جمع کیے تھے، جبکہ جون 2026 کا ہدف 1727 ارب روپے مقرر کیا گیا ہے، جس کے لیے 15 فیصد نمو درکار ہے۔ یہ شرح نمو نظرثانی شدہ سالانہ ہدف کے حصول کے ساتھ مکمل طور پر مطابقت رکھتی ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ بڑے ریونیو گیپ سے متعلق سنسنی خیز دعوے مالیاتی صورتحال کی درست عکاسی نہیں کرتے، مبینہ شارٹ فال کی بنیاد پر اضافی یا غیر معمولی ٹیکس وصولی یا نفاذی اقدامات کے خدشات کی کوئی بنیاد موجود نہیں۔ اسی طرح مالی سال کے آخری مہینے میں غیر معمولی ریونیو یا نفاذی اقدامات سے متعلق قیاس آرائیاں بھی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتیں، جب نظرثانی شدہ مالیاتی فریم ورک کو مدنظر رکھا جائے تو بڑے ریونیو گیپ کا بیانیہ برقرار نہیں رہتا۔ خرم شہزاد نے کہا کہ مالیاتی امور پر عوامی تبصرہ موجودہ سرکاری اعداد و شمار اور حقیقی معاشی حالات کی بنیاد پر ہونا چاہیے، نہ کہ ایسے پرانے معیارات کیا ستعمال پر جو مالیاتی دباؤ کا گمراہ کن تاثر پیدا کریں، بدلتے ہوئے معاشی حالات، نظرثانی شدہ مالیاتی تخمینوں اور وسیع تر معاشی تناظر کو نظرانداز کرنے سے ایسے نتائج اخذ کیے جاتے ہیں جو حقائق اور موجودہ زمینی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتے۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ مالیاتی امور پر تبصرہ کیلئے ذمہ دارانہ حقائق اور تناظر اہمیت کا حامل ہے، ذمہ دارانہ مالیاتی تبصرے کے لیے دونوں عوامل ناگزیر ہیں۔

بقیہ 11

سے متعلقہ امور پر تبادلہ خیال کیا۔ پیر کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر قومی صحت نے وزیر اعظم کو شعبہ صحت میں جاری اور آئندہ منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ وزیر اعظم نے شعبہ صحت میں جاری اصلاحات اور پولیو اور ہیپاٹائٹس جیسے دیگر موذی امراض کے خاتمے کے لیے وزارت کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 12

اینڈ انڈسٹری کے صدر فہیم الرحمن سہگل نے اس موقع پر کاروباری ماحول کی بہتری، برآمدات میں اضافے اور صنعتی ترقی کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔ فہیم الرحمن سہگل نے پنجاب انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس کے فوری خاتمے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اس ٹیکس نے کاروبار کرنے کی لاگت میں نمایاں اضافہ کر دیا ہے اور برآمدی شعبے کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری نے سندھ میں اس نوعیت کے سیس میں کمی کے لیے بھرپور کوششیں کیں، لیکن پنجاب میں اس سیس کے نفاذ سے صنعتوں پر اضافی بوجھ پڑا ہے اور ملکی برآمدات کی عالمی منڈی میں مسابقت متاثر ہو رہی ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے اس معاملے پر جواب دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس کا معاملہ زیر غور ہے اور حکومت اس پر کام کر رہی ہے۔ صدر لاہور چیمبر نے توانائی کے تحفظ کے نام پر کاروباری اوقات کار پر عائد پابندیوں پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ مارکیٹوں، ریسٹورنٹس اور تجارتی مراکز کی جلد بندش سے کاروباری سرگرمیاں، روزگار اور معاشی ترقی متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کاروباری اوقات میں دی گئی نرمی کو مزید بڑھایا جائے اور مستقبل میں ان پابندیوں کو مکمل طور پر ختم کیا جائے۔ فہیم الرحمن سہگل نے کہا کہ آئندہ وفاقی بجٹ کو برآمدات پر مبنی ترقی کے اصول کے تحت ترتیب دیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مالیاتی، تجارتی اور صنعتی پالیسیاں ایسی ہونی چاہئیں جو برآمدات میں اضافہ، سرمایہ کاری کے فروغ اور صنعتوں کی ترقی میں معاون ثابت ہوں۔ انہوں نے کہا کہ معاشی بحالی اور پائیدار ترقی کے لیے پالیسیوں میں تسلسل اور استحکام ناگزیر ہے۔ سرمایہ کار اور کاروباری طبقہ اسی صورت میں طویل المدتی فیصلے کرسکتا ہے جب انہیں مستقل اور قابلِ اعتماد پالیسی ماحول میسر ہو۔ صدر لاہور چیمبر نے بار بار جاری ہونے والے ایس آر اوز اور پالیسیوں میں اچانک تبدیلیوں کو بھی معیشت کے لیے نقصان دہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسی تبدیلیاں کاروباری برادری میں غیر یقینی صورتحال پیدا کرتی ہیں، منصوبہ بندی کو متاثر کرتی ہیں اور کاروباری لاگت میں اضافہ کرتی ہیں۔ انہوں نے ملک میں پانی کے بڑھتے ہوئے بحران کی طرف توجہ دلاتے ہوئے مزید آبی ذخائر اور ڈیموں کی تعمیر پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان ہر سال ناکافی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت کے باعث قیمتی پانی ضائع کر دیتا ہے جبکہ زرعی شعبہ پانی کی قلت کا سامنا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے آبی ذخائر نہ صرف زراعت اور غذائی تحفظ کے لیے ضروری ہیں بلکہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے میں بھی اہم کردار ادا کریں گے۔ فہیم الرحمن سہگل نے پاکستان میں کاروبار کرنے کی زیادہ لاگت کا مسئلہ بھی اٹھایا اور کہا کہ مہنگی توانائی، زیادہ ٹیکسز، مالیاتی اخراجات اور پیچیدہ ضوابط مقامی صنعتوں کی مسابقت کو متاثر کر رہے ہیں۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ کاروباری لاگت کم کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کمرشل اور صنعتی درآمدات پر عائد ڈیوٹیوں اور ٹیکسوں میں موجود فرق کو ختم کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ خام مال، مشینری اور دیگر صنعتی اشیاء درآمد کرنے والی صنعتوں کو سہولت دی جانی چاہیے تاکہ مقامی پیداوار اور برآمدات میں اضافہ ہوسکے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کاروباری برادری کی تجاویز کو سراہتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ آئندہ وفاقی بجٹ کی تیاری میں ان سفارشات کو مدنظر رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت معاشی استحکام اور کاروباری اعتماد کے فروغ کے لیے چیمبرز آف کامرس کے ساتھ مشاورت کا عمل جاری رکھے گی۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے امید ظاہر کی کہ آئندہ وفاقی بجٹ میں برآمدات کے فروغ، کاروباری لاگت میں کمی، پالیسیوں کے استحکام اور صنعت دوست اقدامات کو ترجیح دی جائے گی تاکہ ملک میں معاشی سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کو فروغ مل سکے۔

بقیہ 13

نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ ہانگو و بی ٹو بی کانفرنس میں طے پانے والی مفاہمتی یادداشتوں (MoUs) کو جلد باقاعدہ معاہدوں اور مشترکہ منصوبوں (Joint Ventures) میں تبدیل کیا جائے۔ شہباز شریف نے بی ٹو بی کانفرنس سے متعلق پیش رفت کے ماہانہ جائزہ اجلاس کی خود صدارت کرنے کا فیصلہ کیا اور ہدایت کی کہ چین کی اکیڈمی آف ایگریکلچرل سائنسز اور پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل کے درمیان تعاون کو عملی جامہ پہنایا جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ زرعی تحقیق، جدید ٹیکنالوجی اور پاک۔چین مشترکہ منصوبوں کے ذریعے پاکستان کے زرعی شعبے میں انقلابی تبدیلی لائی جاسکے گی۔ اس موقع پر شرکا کو بریفنگ دی گئی کہ ہانگو میں 24 مئی کو منعقدہ پاکستان۔چین بی ٹو بی کانفرنس میں 123 پاکستانی اور 436 چینی کمپنیوں نے شرکت کی، کانفرنس کے دوران تقریباً 54.7 ارب ڈالر مالیت کی 207 مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے۔ شرکا کو بتایا گیا کہ بیٹری انرجی سٹوریج سسٹمز، مصنوعی ذہانت (AI)، موبائل فونز اور ہینڈ ہیلڈ ڈیوائسز کے شعبوں میں مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہوئے۔ اجلاس کو بریفنگ دی گئی کہ کھاد، بیج، آبپاشی کے جدید آلات، فشریز اور فوڈ پروسیسنگ کے شعبوں میں وسیع تعاون پر مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہوئے۔ شرکا کو بتایا گیا کہ بائیوٹیکنالوجی اور ویکسین سازی سمیت جدید صنعتی شعبوں میں مشترکہ سرمایہ کاری کے لئے MoUs پر دستخط ہوئے۔ اجلاس میں وفاقی وزرا رانا تنویر حسین، احد خان چیمہ، احسن اقبال، شزا فاطمہ خواجہ اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران شریک ہوئے

بقیہ 14

کہ حادثے میں 7 افراد موقع پر ہی جان کی بازی ہار گئے، جبکہ زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ جاں بحق ہونیوالوں میں گاڑی کے ڈرائیور کی شناخت ضیاء اللہ ساکن داریل دیامر کے نام سے ہوئی جبکہ سیاحوں میں علی اور سجاد کی شناخت ہوئی جبکہ دیگر افراد کی شناخت اور ان کے آبائی علاقوں سے متعلق معلومات اکٹھی کی جارہی ہیں۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق دشوار گزار پہاڑی راستے اور گاڑی کے بے قابو ہونے کو حادثے کی ممکنہ وجوہات قرار دیا جارہا ہے، تاہم واقعے کی مکمل تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 15

60 لاکھ روپے اضافی آمدن متوقع ہے۔ رولز کے تحت ایک ہزار 177 صنعتی و کمرشل مقامات نئی ڈیوٹی کے دائرے میں آئیں گے، الیکٹرک انسپکٹر کو پاور جنریشن سہولت سیل کرنے کا اختیار ملے گا، ڈیوٹی ادا نہ کرنے والوں سے ریکوری لینڈ ریونیو ایکٹ کے تحت کی جائے گی۔ الیکٹرک انسپکٹر کو نجی پاور پلانٹس کا ریکارڈ چیک کرنے کے اختیارات دینے کی سفارش کی گئی، نجی پاور جنریشن رکھنے والوں کیلئے رجسٹریشن لازمی قرار دینے کی سفارش کی گئی۔ صنعتی و کمرشل سیلف جنریشن یونٹس

توجہ دی جائے تو گلگت بلتستان سوئٹزرلینڈ بن سکتا ہے، خواجہ سعد رفیق

پاکستان گلگت بلتستان کے عوام کا مقروض ہے، ہماری حکومتوں کو ہٹایا نہ جاتا تو ملک کی ترقی کی رفتار مزید تیز ہوتی، کارکنوں سے خطاب

اسکردو (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ توجہ دی جائے تو گلگت بلتستان سوئٹزر لینڈ بن سکتا ہے۔ انتخابی مہم کے سلسلے میں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) نے گلگت بلتستان میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا ہے، یہاں کے عوام نے خطے کی آزادی اور پاکستان کے ساتھ الحاق میں کردار ادا کیا۔ سعد رفیق نے کہا کہ اس تاریخی کردار پر پاکستان گلگت بلتستان کے عوام کا مقروض ہے

پیکڈ دودھ پر جی ایس ٹی 18 سے کم کر کے 10 فیصد کیا جائے، پاکستان ڈیری ایسوسی ایشن

ڈیری سیکٹر اصلاحات ناگزیر، 50 فیصد دودھ کو رسمی نظام میں لا کر کھربوں روپے ٹیکس ممکن

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ڈیری ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا ہے کہ پیکڈ دودھ پر عائد جی ایس ٹی کو 18 فیصد سے کم کر کے 10 فیصد کیا جائے، جبکہ پرائس کیپس کے خاتمے سمیت ڈیری سیکٹر میں وسیع اصلاحات نافذ کی جائیں۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں منعقدہ پریس کانفرنس کے دوران سی ای او پاکستان ڈیری ایسوسی ایشن ڈاکٹر شہزاد امین، چیئرمین اورسی ای او فوجی فوڈز عثمان ظہیر احمد اور دیگر رہنماؤں نے کہا کہ ملک میں غذائی بحران کے حل، دیہی معیشت کی مضبوطی اور قومی ٹیکس بیس کو وسعت دینے کے لیے ڈیری سیکٹر میں ہنگامی اصلاحات ضروری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق رہنماؤں نے کہا کہ پاکستان دنیا کا چوتھا بڑا دودھ پیدا کرنے والا ملک ہے، لیکن اس کا تقریباً 95 فیصد شعبہ غیر رسمی اور غیر دستاویزی ہے، جس کے باعث نہ صرف پیداوار متاثر ہو رہی ہے

مظفر گڑھ، ٹریفک حادثہ میں سپیشل برانچ کے انسپکٹر حسنین سجاد جاں بحق

مظفر گڑھ (این این آئی) ملتان روڈ پر تیز رفتار ٹرک کی موٹر سائیکل کو ٹکر کے نتیجے میں اسپیشل برانچ کے انسپکٹر حسنین سجاد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو اور پولیس حکام کے مطابق حادثہ اس وقت پیش آیا جب انسپکٹر حسنین سجاد اپنی ڈیوٹی مکمل کرنے کے بعد ملتان سے گھر واپس جا رہے تھے۔ پولیس کے مطابق تیز رفتار ٹرک موٹر سائیکل سے ٹکرا گیا جس کے نتیجے میں انسپکٹر حسنین سجاد موقع پر ہی جان کی بازی ہار گئے

گورنر سندھ سید محمد زبیر نے ہالی ہاشمی سے امیگریشن کے نئے تعینات سفیر Carlos Aragon Gil de la Sema گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں

پولیس ٹریننگ کالج لاہور میں مبینہ بے ضابطگیاں، تحقیقات کیلئے اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم

اگر الزامات ثابت ہوئے تو معاملہ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن اسلام آباد کو بھیجا جائے گا، حکام

لاہور (این این آئی) پولیس ٹریننگ کالج لاہور میں مالی بے ضابطگیوں اور مبینہ کرپشن کے الزامات پر اعلیٰ سطحی فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی قائم کر دی گئی۔ حکام کے مطابق ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن شہزادہ سلطان کو کمیٹی کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے جبکہ رانا معصوم کو انکوائری کمیٹی کا رکن بنایا گیا ہے۔ اندرونی آڈٹ رپورٹ میں جون 2025ء سے فروری 2026ء تک مالی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی ہے، جس میں اکاؤنٹس، سٹاک ریکارڈ، بلز اور لیجرز مبینہ طور پر غائب پائے گئے۔ رپورٹ کے مطابق ٹینڈرنگ کے عمل میں مبینہ طور پر پیپرا قوانین کی سنگین خلاف ورزیاں بھی سامنے آئی ہیں جبکہ پسندیدہ ٹھیکیداروں کو ٹینڈر دینے کے الزامات پر کمیٹی ذمہ داروں کا تعین کرے گی۔ ذرائع کے مطابق نئے کمانڈنٹ کی تعیناتی سے کچھ عرصہ قبل 6 کروڑ 70 لاکھ روپے کیش نکلوایا گیا جبکہ 7 ماہ قبل بھی کروڑوں روپے کی مشتبہ ٹرانزیکشن رپورٹ ہوئی جبکہ پیرا اور کسٹمز حکام کی تربیت کیلئے مختص فنڈز میں بھی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔

صدر کاٹی کی تجویز پہ سندھ فوڈ اتھارٹی اور کاٹی کی مشاورتی کمیٹی تشکیل دی جائے گی، ڈی جی سندھ فوڈ اتھارٹی

لائسنس کی تجدید کی مدت بڑھا کر 5 سال، تربیتی ورکشاپس کا انعقاد کیا جائے، صدر محمد اکرام راجپوت و دیگر کا خطاب

کراچی (این این آئی) سندھ فوڈ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل شہزاد فضل عباس نے کہا ہے کہ سندھ میں خوراک کے معیار، فوڈ سیفٹی اور بین الاقوامی ضوابط پر عملدرآمد کو یقینی بنانا سندھ فوڈ اتھارٹی کی اولین ترجیح ہے، کیونکہ معیاری اور محفوظ خوراک نہ صرف عوامی صحت بلکہ ملکی برآمدات اور صنعتی ترقی کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوڈ انڈسٹری کو سہولت فراہم کرتے ہوئے شفاف، مؤثر اور جدید ریگولیٹری نظام متعارف کرایا جا رہا ہے تاکہ صنعتکاروں اور کاروباری برادری کو غیر ضروری رکاوٹوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے دورے کے موقع پر صنعتکاروں سے ملاقات کے دوران کیا۔ شہزاد فضل عباس نے کہا کہ صدر کاٹی کی درخواست پر سندھ فوڈ اتھارٹی اور کاٹی کے درمیان 4 رکنی کمیٹی تشکیل دی جا رہی ہے جس میں دو ممبران کاٹی کے اور دو ممبران ایس ایف اے کے ہوں گے

لاہور: ایک طالبہ انارکلی چوک میں لگے سٹال پر کتابیں دیکھ رہی ہیں۔

الخدمت واش پروگرام اور الہلال سوسائٹی کے مابین معاہدہ پر دستخط کر دیئے گئے

73 واٹر فلٹریشن پلانٹ شہریوں کو معیاری پینے کا پانی فراہم کر رہے ہیں، گوہر لا السلام

کراچی (این این آئی) الخدمت کراچی کے "واش پروگرام" اور الہلال سوسائٹی کے درمیان ایک مفاہمتی یادداشت MOU (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے۔ مفاہمتی یادداشت پر الخدمت واش پروگرام کے ڈائریکٹر سید گوہر الاسلام اور الہلال سوسائٹی کے چیئرمین محمد ذیشان اختر نے دستخط کیے۔ اس موقع پر الخدمت اور سوسائٹی کے دیگر ذمہ داران موجود تھے۔ معاہدے کے مطابق الخدمت اور الہلال سوسائٹی مل کر گلشن اقبال بلاک 14 میں محفوظ اور معیاری پینے کے پانی کی فراہمی کے لیے واٹر فلٹریشن پلانٹ اور آٹومیٹک واٹر ڈسپینسنگ مشین کی تنصیب میں باہمی تعاون کیا جائے گا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر الخدمت واش پروگرام گوہر الاسلام نے کہا کہ الخدمت کئی دہائیوں سے ملک بھر میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے پروگرام پر کام کر رہی ہے، اس وقت شہر میں 73 واٹر فلٹریشن پلانٹ قائم ہیں، جہاں ارزاں نرخوں پر پینے کا انتہائی معیاری پانی فراہم کیا جا رہا ہے

پشاور سیکرٹری زراعت ڈاکٹر محمد بختیار خان کو اکوڑہ سیڈ کمپنی کے لیبارٹریز کے حوالے سے بریفنگ دی جا رہی ہے

ٹی آئی اے سی میں بدھ مت ورشہ کے موضوع پر دو روزہ تیسری عالمی کانفرنس کا آغاز ہو گیا

یہ کانفرنس ایک علمی فورم، بین الثقافتی مکالمے اور علمی و تحقیقی تعاون کا ایک پلیٹ فارم ہے

اسلام آباد (این این آئی) قائداعظم یونیورسٹی کے ٹیکسلا انسٹی ٹیوٹ آف آرکیالوجی اینڈ سولائزیشنز (ٹی آئی اے سی) میں پاکستان میں بدھ مت ورشہ کے موضوع پر دو روزہ تیسری بین الاقوامی کانفرنس کا آغاز ہو گیا جس میں دنیا بھر کے ممتاز سکالرز، سفارتکاروں اور ثقافتی ورثے کے ماہرین نے شرکت کی اور بدھ مت و گندھارا تہذیب کی میراث کو اجاگر کیا۔ منگل کو منعقدہ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر قائداعظم یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ظفر نواز جسپال نے پاکستان کے متنوع ثقافتی اور تہذیبی ورثے کے تحفظ کی اہمیت پر زور دیا اور گندھارن مطالعات اور بدھ مت کے ورثے پر تحقیق کو فروغ دینے کے لیے یونیورسٹی کے عزم کو اجاگر کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی نے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے بین الثقافتی مکالمے، ورثے کے تحفظ اور علمی تبادلے کے لئے ایک اہم بین الاقوامی پلیٹ فارم مہیا کرنے پر منتظمین کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کانفرنس نہ صرف ایک علمی فورم ہے

دانیال چوہدری کی نیشنل پریس کلب اسلام آباد کی نومنتخب قیادت کو مبارکباد

میڈیا ٹاؤن فیز ٹو سمیت صحافی برادری کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات دانیال چوہدری نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد کی نومنتخب قیادت کو مبارکباد دیتے ہوئے میڈیا ٹاؤن فیز ٹو سمیت صحافی برادری کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے جبکہ بھارہ کہو ہاؤسنگ اسکیم، ایف چودہ اور ایف پندرہ میں صحافیوں کیلئے پلاٹس ترجیحی بنیادوں پر جاری کئے جائیں گے۔ انہوں نے نیشنل پریس کلب کیلئے ایک کروڑ روپے کی خصوصی گرانٹ کا اعلان بھی کیا۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے دورے کے موقع پر وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و نشریات دانیال چوہدری کا صدر عبدالرزاق سیال، سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راو اور دیگر عہدیداران نیپر تپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر پریس کلب کی نومنتخب کابینہ کے ارکان اور سینئر صحافی بھی موجود تھے۔ دانیال چوہدری نے نومنتخب قیادت کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان ہوتے ہیں۔

آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کی فائن آرٹس کمیٹی کے زیر اہتمام "سلسل گروپ شو" کے عنوان سے منعقدہ آرٹ نمائش میں صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ اظہار خیال کرتے ہوئے

ڈپٹی سپیکر سندھ اسمبلی، وزراء و اراکین اسمبلی کا منہاج یونیورسٹی لاہور کا دورہ

منہاج القرآن کی طرف سے سندھ حکومت کو امن نصاب تیار کر کے دینے کی پیشکش

اسلام آباد (این این آئی) سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے اقلیتی وزرا، ممبران اسمبلی کے ایک وفد نے گزشتہ روز منہاج یونیورسٹی لاہور کا خصوصی دعوت پر دورہ کیا۔ منہاج یونیورسٹی آمد پر ڈپٹی چیئرمین بورڈ آف گورنرز پروفیسر ڈاکٹر حسین محی الدین قادری، ناظم اعلیٰ منہاج القرآن خرم نواز گنڈاپور، رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر خرم شہزاد، سہیل احمد رضا، شہزاد احمد خان نے خوش آمدید کہا۔ وفد میں ڈپٹی اسپیکر سندھ اسمبلی انتونی نوید سہوترا، وزیر برائے اقلیتی امور سندھ ڈاکٹر شام سندر، وزیر برائے انسانی حقوق سندھ رانا راجویر سنگھ سوڈھا، ایم پی اے سندھ اسمبلی مسٹر مہیش کمار ہسیجا، کرشن شرما پردھان پاکستان ہندو مندر پربندھ کمیٹی، مسٹر جے پرکاش موارانی، ممبر صوبائی اسمبلی بلوچستان سنجے کمار، ممبر صوبائی اسمبلی بلوچستان روی کمار، کے پی کے سے ممبر صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عسکر پرویز اور کرشن شرما شامل تھے۔

علیمہ خان وراثت سنبھالنا چاہتی ہیں لیکن ہاتھ کچھ نہیں آئیگا، شیر افضل مروت

جماعت کو متحد، قید رہنماؤں کی رہائی کیلئے موثر عوامی تحریک کیلئے صرف تین ماہ کیلئے تنظیمی کمان دی جائے

لاہور (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے پارٹی کی موجودہ حکمت عملی، تنظیمی ڈھانچے اور قیادت کے فیصلوں پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اندرونی اختلافات، غیر موثر تنظیمی فیصلوں اور کمزور سیاسی حکمتِ عملی کے باعث کمزور ہو چکی ہے۔ ایک انٹرویو میں شیر افضل مروت نے دعویٰ کیا کہ پارٹی کے اندر فیصلہ سازی کا عمل محدود ہو گیا ہے جس کے باعث سیاسی جدوجہد اور احتجاجی سیاست متاثر ہوئی۔

بنگلہ دیشی یونیورسٹی رہنماؤں کا المر یونیورسٹی کا دورہ، علاقائی تعلیمی روابط مضبوط بنانے پر زور

کراچی (این این آئی) لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز میں بنگلہ دیش کے تعلیمی رہنماؤں پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی وفد نے دورہ کیا جس کا مقصد اعلیٰ تعلیم، تحقیق اور علمی تبادلوں کے شعبوں میں علاقائی تعاون کو مضبوط بنانے کے مواقع تلاش کرنا تھا۔ وفد کی قیادت پروفیسر ڈاکٹر مامون احمد نے کی اور اس دورے کو ہائیر ایجوکیشن کمیشن پاکستان کی جانب سے سہولت فراہم کی گئی۔

سپریم کورٹ نے اعترافِ جرم پر مبنی سزا کالعدم قرار دے کر ملزم کو بری کر دیا

رضا کارانہ، سچا اور قانون کے مطابق ریکارڈ نہ کیا گیا اعترافی بیان کسی بھی ملزم کو سزا دینے کی بنیاد نہیں بن سکتا، ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے اعترافِ جرم پر مبنی سزا کالعدم قرار دے کر ملزم کو بری کرتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ رضا کارانہ، سچا اور قانون کے مطابق ریکارڈ نہ کیا گیا اعترافی بیان کسی بھی ملزم کو سزا دینے کی بنیاد نہیں بن سکتا، خصوصاً جب بیان بعد میں واپس لے لیا گیا ہو اور اس کی آزادانہ شہادت سے توثیق بھی موجود نہ ہو۔ جسٹس جمال خان مندوخیل کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے احمد سعید عرف بھرم عرف گوری کی اپیل منظور کرتے ہوئے سندھ ہائی کورٹ اور انسداد دہشت گردی عدالت کراچی کے فیصلے کالعدم قرار دے دیئے اور ملزم کو بری کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے حکم دیا کہ اگر ملزم کسی دوسرے مقدمے میں مطلوب نہیں تو اسے فوری رہا کیا جائے۔

لاہور: صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان کی زیر صدارت اجلاس میں ضلع قصور کی مختلف تحصیلوں میں محنت کشوں کے مسائل کو حل کرنے کے حوالے سے جائزہ لیا جا رہا ہے۔

اسلام آباد، غیر قانونی مویشی فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی، بکرا منڈی منتقل

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ نے شہر میں صفائی اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے آئی جے پی روڈ پر غیر قانونی طور پر بکرے فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی۔ مجسٹریٹ انڈسٹریل ایریا راجہ شعیب فیاض نے سی ڈی اے انفورسمنٹ ٹیم کے ہمراہ آئی جے پی روڈ کے دونوں اطراف آپریشن کرتے ہوئے سڑک کنارے قائم غیر قانونی مویشی فروخت پوائنٹس ختم کروا دیے۔

ای سی سی کا اجلاس، پہلی پانچ سالہ جم سٹون پالیسی کی منظوری دیدی

فرنٹیئر کانسٹیبلری نارتھ کے ہسپتال کیلئے 48 کروڑ، قومی صحت پروگرام کیلئے ایک ارب 50 کروڑ کی تکنیکی ضمنی گرانٹ منظور

اسلام آباد (این این آئی) ای سی سی نے ملک کی پہلی پانچ سالہ جم سٹون پالیسی کی منظوری دے دی۔ وزارت خزانہ کے اعلامیہ کے مطابق وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اعلامیہ میں بتایا گیا کہ ای سی سی نے ملک کی پہلی پانچ سالہ جم سٹون پالیسی اور پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کی تنظیم نو کی بھی منظوری دے دی۔ اسی طرح وزیر اعظم کے نوجوانوں کے سکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کیلئے 3 ارب 91 کروڑ روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ، وزیر اعظم آفس کیلئے 16 کروڑ روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ کی منظوری دی گئی۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ فرنٹیئر کانسٹیبلری نارتھ کے ہسپتال کیلئے 48 کروڑ روپے، وزیر اعظم کے قومی صحت پروگرام کیلئے ایک ارب 50 کروڑ روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ کی منظوری دے دی۔

النور ایم ڈی ایف بورڈ انڈسٹریز فیکٹری کی اللیگل فیکٹری بندش

فیکٹری انتظامیہ ایڈمین جنرل مینیجر اور سائیڈ مینیجر اسماعیل ارائین نے فیکٹری کا پر امن ماحول خراب کر دیا ہے

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) النور ایم ڈی ایف بورڈ انڈسٹریز فیکٹری کے محنت کشوں نے کہا ہے کہ النور ایم ڈی ایف بورڈ انڈسٹریز فیکٹری کی اللیگل فیکٹری بندش۔ فیکٹری انتظامیہ ایڈمین جنرل مینیجر اور سائیڈ مینیجر اسماعیل ارائین نے فیکٹری کا پر امن ماحول خراب کر دیا ہے۔ محنت کشوں کو یرغمال بنا کر ان پر جھوٹے کیس کر کے ان کو پریشان کر رہیں ہیں۔ یونین عہدیداران کے اوپر جھوٹے الزامات لگا کر جھوٹے کیس کر رہیں ہیں۔ یونین کے عہدیداران پر امن ماحول چاہتے ہیں اور اپنے جائز لیبر قانون کے مطابق مزدوروں کے حقوق چاہتے ہیں۔ ہر دو سال کے بعد چارٹ اف ڈمانڈ ہوتے ہیں۔ لیبر قانون کے مطابق جس کو 17 ماہ گذر گئے ہیں۔ انتظامیہ مسلسل ٹال مٹول کر رہی ہے۔ ورکروں کا فائیو پرسنٹ روکا ہوا ہے۔ سالانہ انکریمینٹ، عید بونس، دو ماہ کے تنخواہ Cod کے مطابق سن کوٹا اور رج فوتی کوٹا پر عمل نہیں کر رہے ہیں۔ مقامی محنت کشوں کو نکال کر باہر کے بندے ہائیر کر رہے ہیں۔ کم سے کم اجرت حکومت سندھ کے نوٹیفکیشن کے مطابق اسکیل پے پر عمل نہیں کر رہی ہے۔ فیکٹری محنت کشوں کے روزی روٹی کا ذریعا ہے۔ ہم محنت کش پچھلے 30 برسوں سے اس فیکٹری میں روزی کر رہے ہیں، ہمارے بچے بھی اس فیکٹری سے وابستا ہیں، یہ ادارے ہمیں اپنے ماں سے بھی زیادہ عزیز ہیں، ہم غلط نہیں ہونے دیں گے۔

نثار احمد شیخ کی کال پر مورو سیپکو آفس میں واپڈا اور بجلی کے اداروں کی مجوزہ نجکاری کے خلاف بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا گیا

احتجاج میں سیپکو ملازمین، مزدوروں اور یونین رہنماؤں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور نجکاری کے فیصلے کے خلاف فلک شگاف نعرے بازی کی

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) قائد مزدور عبداللطیف نظامانی اور فخر مزدور نثار احمد شیخ کی کال پر مورو سیپکو آفس میں واپڈا اور بجلی کے اداروں کی مجوزہ نجکاری کے خلاف بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاج میں سیپکو ملازمین، مزدوروں اور یونین رہنماؤں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور نجکاری کے فیصلے کے خلاف فلک شگاف نعرے بازی کی۔ احتجاجی مظاہرے کی قیادت ہائیڈرو یونین کے چیئرمین شاہنواز ملاح، ڈویژنل سیکریٹری عبدالحمید گھانگھرو اور زونل سیکریٹری امتیاز ملاح نے کی۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ واپڈا اور بجلی کے اداروں کی نجکاری ملازمین اور عوام دونوں کے مفادات کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ نجکاری سے ہزاروں ملازمین کا مستقبل داؤ پر لگ جائے گا جبکہ عوام کو بھی سستی اور معیاری بجلی کی فراہمی متاثر ہوگی۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں بڑے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر نجکاری مخالف نعرے درج تھے۔ احتجاج کے دوران سیپکو آفس مورو سے ایک ریلی بھی نکالی گئی جو شہر کے مختلف راستوں سے گذرتی ہوئی پریس کلب مورو پہنچی، جہاں شرکاء نے نجکاری کے خلاف اپنا احتجاج ریکارڈ کروایا۔ یونین رہنماؤں کا کہنا تھا کہ حکومت اگر واپڈا اور بجلی کے اداروں کی نجکاری کے فیصلے سے دستبردار نہ ہوئی تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ملازمین کے حقوق، روزگار کے تحفظ اور عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے نجکاری کے منصوبے کو فوری طور پر واپس لیا جائے۔

سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت ایف آئی اے ریکروٹمنٹ کے حوالے سے اہم اجلاس

ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد سید شہزاد ندیم بخاری، ایف آئی آے اور این پی ایف افسران کی شرکت

(بیورو چیف اسلام اباد محمد شہباز گولڑوی سے) ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت ایف آئی اے ریکروٹمنٹ کے حوالے سے اہم اجلاس۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد سید شہزاد ندیم بخاری، ایف آئی آے اور این پی ایف افسران کی شرکت۔ نیشنل پولیس فاؤنڈیشن ٹیسٹنگ سروس ایف آئی اے ریکروٹمنٹ کے حوالے سے پاکستان بھر میں بہتری انتظامات کو یقینی بنانے، شفافیت کو برقرار رکھنے اور امیدواروں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے گی۔ ایم ڈی این پی ایف

چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی انسداد بیگری مہم، 15 بچوں کو ریسکیو کر لیا گیا

چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی ٹیم نے گجرات جی ٹی روڈ، گلزار مدینہ روڈ میں انسداد بیگری مہم کے تحت کارروائی عمل میں لائی

گجرات: (محمد شہباز گولڑوی سے) ڈپٹی کمشنر نورالعین کی ہدایت پر چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی انسداد بیگری مہم، 15 بچوں کو ریسکیو کر لیا گیا ڈپٹی کمشنر گجرات نورالعین کی خصوصی ہدایت پر چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی ٹیم نے گجرات جی ٹی روڈ، گلزار مدینہ روڈ میں انسداد بیگری مہم کے تحت کارروائی عمل میں لائی۔ اس مشترکہ کارروائی میں چائلڈ پروٹیکشن بیورو گوجرانوالہ، محکمہ لیبر، ریسکیو 1122، گجرات پولیس اور محکمہ سوشل ویلفیئر کے افسران نے حصہ لیا۔ گجرات میں آج انسداد بیگری مہم کے تحت کارروائی کی گئی 13 میل اور 2 کیمیل بچوں کو کامیابی سے ریسکیو کیا گیا، انکو مزید قانونی وفلاحی کارروائی کے لیے گوجرانوالہ منتقل کر دیا گیا ہے۔

سدہ شہر کے شاہی محلہ میں درمیانی شب مکان منہدم ہونے کے نتیجے میں دو خواتین اور ایک بچہ جاں بحق

انتظامیہ، پولیس، ریسکیو آپریشن موقع پر پہنچ گئے۔ ذرائع

کرم (محمد خالق اورکزئی سے) سدہ شہر کے شاہی محلہ میں گزشتہ شب انتہائی افسوس ناک واقعہ رونما ہونے کے نتیجے دو خواتین اور ایک بچہ جاں بحق ہو گئے ہیں۔ بتایا جاتا ہے کہ شاہی محلہ کے فضل خالق نامی شخص کا گھر گزشتہ شب کے آخری پہر میں دھڑام سے منہدم ہو گیا، جس کے نتیجے میں اہل خانہ ملبے تلے دب گئے۔ مکان کے گرنے کی آواز اور اہل خانہ کی آہوزاری کی آوازیں سنتے ہی اہل محلہ نے ہڑبڑا کر اٹھ کھڑے ہوئے ہوئے اور جائے حادثہ کی طرف دوڑنے لگے اور فوری طور پر ریسکیو شروع کر دیا۔ اس دوران لوگوں نے مقامی پولیس، ریسکیو 1122 اور میونسپلٹی کو بھی اطلاع دی۔ مقامی لوگوں نے دوسرے اداروں کے ہمراہ ریسکیو کرتے ہوئے ملبہ ہٹانا شروع کر دیا تاکہ ملبے کے نیچے دبے آہل خانہ کو زندہ نکال سکیں، تاہم اس وقت تک دیر ہو چکی تھی۔ دو خواتین کی لاشوں اور ایک بچے کو انتہائی تشویشناک حالت میں نکال لیا گیا، جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا، تاہم بچہ زخموں کی تاب نہ لاتے دم توڑ گئے۔ سدہ تھانہ ایس ایچ او عبید الرحمٰن بھی اپنے پوری ٹیم کے ہمراہ وہاں موجود تھے اور تمام آپریشن کی نگرانی کرتے رہے۔ مقامی لوگوں کے مطابق تمام متعلقہ اداروں جیسا کہ مقامی انتظامیہ، پولیس، ریسکیو 1122 اور میونسپل کارپوریشن سدہ اور مقامی لوگوں نے بڑی تیزی سے رات کی تاریکی کے باوجود کام کیا۔ تمام مرحومین کے جنازے اکھٹے سدہ خان بابا قبرستان میں آدا کی جائیں گی اور وہیں سپردِ خاک کر دیا جائے گا۔ مقامی لوگوں اور خصوصاً نوجوانانِ سدہ نے واقعے کو قدرتی آفات کا درد ناک حادثہ حصقہ قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ کرم انتظامیہ صوبائی اور قومی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے ذریعے فوری طور متاثرہ خاندان کی مدد کریں اور حادثے کو قدرتی آفات کے زمرے میں لایا جائے تاکہ آفت زدہ خاندان کی فوری بحالی ممکن ہو سکے۔

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا یا پارٹی کے اندر کوئی فارورڈ بلاک نہیں، سٹر گوہر

ہم جمہوری لوگ ہیں، ارکان کو اختلافِ رائے کا حق ہے، ہم تمام فیصلے اتفاقِ رائے سے کریں گے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ وزیرِ اعلیٰ خیبر پختون خوا یا پارٹی کے اندر کوئی فارورڈ بلاک نہیں، سب بانی پی ٹی آئی کی قیادت میں متحد ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہم جمہوری لوگ ہیں، ارکان کو اختلافِ رائے کا حق ہے، ہم تمام فیصلے اتفاقِ رائے سے کریں گے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اجلاس میں سب موجود تھے

تفتیشی افسر خاتون پولیس اہلکار کی موجودگی میں پنکی سے تفتیش کرے، عدالت کا حکم

عدالت نے منشیات فروش اٹمول عرف پنکی کیخلاف منشیات سے متعلق مقدمات میں جسمانی ریمانڈ کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا

کراچی (این این آئی) جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی عدالت نے منشیات فروش اٹمول عرف پنکی کیخلاف منشیات سے متعلق مقدمات میں جسمانی ریمانڈ کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ تحریری حکمنامے میں عدالت نے کہا کہ مفرور رہنے والی ملزمہ اٹمول عرف پنکی کو پولیس نے مقدمہ میں گرفتار کر کے پیش کیا۔ ملزمہ اٹمول عرف پنکی نے کسی قسم کے تشدد کی شکایت نہیں کی۔ ملزمہ کی جانب سے وکلا میر ہدایت اللہ خان، ناصر خان اور اسد اللہ خان نے وکالت نامے جمع کرائے۔ حکمنامے کے مطابق ملزمہ کے وکلا نے موقف دیا کہ جسمانی ریمانڈ دینے سے کوئی نتیجہ سامنے نہیں آئے گا۔ ملزمہ کے وکلا نے استدعا کی کہ عدالتی تحویل میں جیل بھیج دیا جائے۔ سرکاری وکلا شکیل عباسی اور حسن محبوب نے موقف دیتے ہوئے کہا کہ ملزمہ کا نام چالان میں لکھا ہوا ہے، ملزمہ منشیات کی خرید و فروخت میں ملوث ہے۔ ملزمہ مختلف رائیڈرز کے ذریعے منشیات سپلائی کرواتی تھی

پنکی کیس میں اہم پیشرفت، سی ٹی ڈی کے 2 اہلکار گرفتار

کراچی (این این آئی) منشیات فروش خاتون اٹمول عرف پنکی کیس کی تفتیش میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ ذرائع کے مطابق سی ٹی ڈی کے 2 اہلکاروں کو حراست میں لے لیا گیا۔ گرفتار اہلکار اٹمول عرف پنکی کے ساتھ رابطے میں رہتے تھے۔ حراست میں لیے جانیوالوں میں اے ایس آئی کفیل اور ایک سپاہی شامل ہے، جن کی پوسٹنگ سی ٹی ڈی سول لائنز میں ہے۔ اس سے قبل متعلقہ کیس کے ضلعی سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس علی حسن کو معطل کیا گیا تھا۔

ہمیں آئی ایم ایف کا نہیں وفاق پاکستان کا بجٹ چاہیے، کاشف حیدری

ٹیکس گزاروں پر مزید ٹیکسوں کا بوجھ ڈالنے کے بجائے حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ کرے

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں آئندہ مالہ سال کے بجٹ کی تیاری میں ملک کے نمائندہ تاجر تنظیموں کو فوری طور پر اعتماد میں لیں، ہمیں آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن پر بنایا گیا بجٹ نہیں بلکہ وفاقِ پاکستان کا بجٹ چاہیے جو ملکی مفاد اور تاجر دوست پالیسیوں پر مبنی ہو، یہ بات انہوں نے